میں [illegible] کرتا ہوں سودے زلف یوں پیدا
نکالا [illegible] سانپ
یہ حلقہ مار کے بیٹھا ہے پاس [illegible]
بنا ہے کان کا اس ماہرو کے بالا سانپ
صنم کے [illegible] گیسو [illegible] جب کی
[illegible] قلق [illegible] نے مار ڈالا سانپ

مٹی نہ ہو یہ عاشق خانہ خراب کی	مٹی کے عطر سے نہ کرو پیرہن خراب
کس درجہ ہجر یار میں ہے موت دیر کی	رکھے ہی رکھے ہو گیا میرا کفن خراب
بنوائیگا جو خط وہ مرا رشک آفتاب	سورج کی ایک روز یہ ہوگی کرن خراب
زلفیں چھٹیں جو انکی کہیں پیچ و تاب سے	دہاتھ تیرے واسطے ہوگی رسن خراب
ظالم نے عیش باغ کو غمخانہ کر دیا	یا رب اسیطرح سے ہو چرخ کہن خراب
گل میں نہ باغباں ہیں نہ بلبل کے چہچہے	کیسے پڑے ہوے ہیں چمن کے چمن خراب

ردیف — تھوڑی جگہ تو مرنے کو اسکی گلی میں دو
مٹی کرو قلق کی نہ اے جان من خراب — **بائے فارسی**

تمہارا فنی گیسو تھا آگے کالا سانپ	بنایا کس لیے افشاں نے کوڑیالا سانپ
خیال زلف میں مانند نے وہ نالے کیے	ہر ایک روزن دیوار سے نکالا سانپ
رقیب چھوتا ہے زلف سیاہ جاناں کو	خدا کرے کہیں ڈسجائے اسکو کالا سانپ
ہوا ہوں خاک کسی گل کی یاد کاکل میں	کلال تو مری مٹی کا بھی بنا لا سانپ
نہ اسکے کاٹے ہوے جیتے ہیں نہ مرتے ہیں	تمہارا گیسوے مشکیں بھی ہے نرالا سانپ

[illegible marginal text]

غزل ۵۵

درماندونکا ہی کون بجز اُسکے دستگیر
مجھ رُوسیہ کی ہی یہ عا وقتِ نازپرس
اُلفت کا کیا یہی ہی نتیجہ جہان مین
دل دیکے بحر فکر مین ہو غوطہ زن عبث

اپنے ایا ہجو نکو وہ لینگے بنا د آپ
رکھیگا اپنے لطف و کرم پر نگاہ آپ
عاشق کو قتل کرتے ہین کہون بیگناہ آپ
دریائے عشق کی نہین پائینگے تھاہ آپ

ردیف | عزم سفر تو ملک عدم کا ہی اے قلق / کچھ اپنے ساتھ لے بھی چلے زاد راہ آپ | تائے فوقانی

دشمنِ جان ہین مرے شوخ پریزاد بہت
کہین شیرین سا حسین تو نظر آئے کوئی
بیگناہی نے پس قتل اثر دکھلایا
دل جو دینا تو حسینونکو سمجھ کر دینا
ابھی کچھ قدر شباب آپکو اے جان نہین
شجرِ ظلم نہین پھولتے پھلتے دیکھا
جہان مین تند ہین معشوق بہت ہین وہ کم

تشنۂ خونِ گنہگار ہین جلاد بہت
اب بھی سر شیرین کو موجود ہین فرہاد بہت
ذبح کرکے مجھے رویا مرا جلاد بہت
عشقبازی کی بُری ہوتی ہی افتاد بہت
تھوڑے دنون مین یہ دن کیجیےگا یاد بہت
جور مجھپر نکر اے بانی بیداد بہت
آدمیت نہین جنمین وہ پریزاد بہت

عشاق کب آرائش دنیا کے ہین پابند	آزاد تعلق ہین گرفتار محبت
مر کر غم گیسو مین ہوا ہمیہ یہ روشن	تاریکی مرقد ہی شب تار محبت
بین از سر نو مول کسی زلف کا سودا	ہین داغ جگر سکۂ بازار محبت
گل داغ ہین اس باغ کے بلبل ہی تمنا	ہر چاک جگر ہی در گلزار محبت
اُس دل مین کس امید پہ جان اپنی لڑاؤن	مشہور رہی بیقدری سرکار محبت
وہ عیسی دوران ابھی غیرون سے اُٹھ جائے	جم جائے جو رنگ رخ بیمار محبت
بے پردہ وہ یوسف ہو تو حیران ہون خریدار	رخسار ہون آئینۂ بازار محبت
یہ خاک کا پتلا نہ اگر حوصلہ کرتا	کونین سے اُٹھتا نہ کبھی بار محبت
بک جاتے ہین یہ مول لیا کرتے ہین سودا	ہوتے ہین عجب جنس خریدار محبت
اُس یوسف خوش کام کی وہ قیمت ہو	بیعانہ نہین دل دینگے خریدار محبت

بجھنے کی نہین ای قلق ان سے بھڑوسے
یہ طالب زر ہین نہ طلبگار محبت

ہوئے صیاد سے یہ کہکے محبوس کہن رخصت	ہوئے ہم پر ندی تونے کی سیر چمن رخصت

٥٧

اُس شعلہ رو کے دِل کو جو اک لو لگی رہی	مانند شمع کاٹی ہے رو رو کر تمام رات
فرقت مین مجکو نیند نہ آئی ترے بغیر	لوٹا کیا مین فرش پہ دن بھر تمام رات
یہ انتظار یار مین تھا حال صبح تک	باہر کبھی تھا مین کبھی اندر تمام رات
اللہ ری نازکی کہ نہ مرجھایا ایک پھول	پھولون کا اپنے بٹنے جو زیور تمام رات
وہ خفتہ بخت ہون کہ مری بات صبح تک	بچتا یا اُس قمر کو جگا کر تمام رات
کین تم نے گرمیان جو شبِ وصل ای قمر	کیا کیا جلا ہے چرخ ستمگر تمام رات
تم تو تمام روز بسر عیش مین کرو	تڑپا کرے یہ عاشق مضطر تمام رات
سر رکھکے سو گئے تھے کل ای جان جسپہ تم	تکیہ دھرا رہا وہی دل پر تمام رات
اُن ابروون کے دھیان مین سویا نہ صبح تک	تیغین کھنچی رہین مرے سر پر تمام رات
بیدار بخت ہے سو اہی جہان مین کون	سوئے بغل مین یار کو لے کر تمام رات

ابکی نکالین دل کے سب ارمان ای قلق
صحبت جو یار سے ہو میسر تمام رات

ردیف ٹ

یہ بولے جو اُن کو کہا بے مروت	مین کیا تسے بھی ہون سوا بے مروت

وہ خفتہ بخت ہوں سویا جو ساتھ بھی یار	تو مثل طالع برگشتہ پھیر لی کروٹ
کہا جو وصل میں سو رہ لپٹ کے پیٹھ پہ پھیر	تو ضد سے بولا کہ ہم سوئینگے اسی کروٹ
مسافران عدم اسطرح عدم کو گئے	کہ پھر کسی نے ادھر مڑ کے بھی نہ لی کروٹ
لپٹ کے سینے پہ منھ رکھکے سوئے ضد دیکھو	تمام رات نہ مجکو بدلنے دی کروٹ
سوال وصل پہ کس ناز سے جفا کے جواب	مری طرف سے خفا ہو کے پھیر لی کروٹ
لپٹ کے سوتے تھے اس گلبدن کے ساتھ جس پہلو	لحد میں بھی ہمیں چین آئیگا اسی کروٹ
ابھی کمال ہی الھڑ ہے وہ بت کمسن	لپٹ کے سونیکی عادت ہے ایک ہی کروٹ

ردیف	یہ آرزو ہے قلق گر نصیب ہو شب وصل لپٹ کے سوئیے تا صبح ایک ہی کروٹ	تائے مثلثہ

کر دیا دل نے ہمیں مورد الزام عبث	وہ بھلے ہوئے ہم ہوئے بدنام عبث
خوبرویان جفاکار سے الفت کر کے	بے زبانوں کو دیا کرتے ہو دشنام عبث
چپکے ہم سنتے ہیں جو چاہتے ہو کہتے ہو	بے زبانوں کو دیا کرتے ہو دشنام عبث
بندے اللہ کے پامال ہوئے جاتے ہیں	اے تہ فتنہ بپا کرتے ہو ہر گام عبث

دیکھین گر چشم تصور سے کرین کچھ وہ حجاب	پردۂ دلمین ہا کرتے ہین مستور عبث
تن بدن سوزش الفت سے پھکا جاتا ہی	ایسے داغون پہ دھرا مرہم کافور عبث

ردیف — ای قلق ہو گئے انگشت نماے عالم / چاہنے والون مین اُٹھکے ہوے مشہور عبث — **جیم**

دلکو ہر داغ الفت دلبر کی احتیاج	ہی بادشاہ جسم کو افسر کی احتیاج
ہر دم تلاش گوہر مضمون ہی طبع کو	ہی نو عروس فکر کو زیور کی احتیاج
دم بھر کو یاد کاوش مژگان کرم کرے	اپنے رگ جنونکو ہی نشتر کی احتیاج
بیٹھے ہی ور پہ خاک نشینو نکو چین ہی	انکو نہین ہی بالش بستر کی احتیاج
داغ جنون ہی تاج دریا ہی سر پر	حاجت نہ تخت کی ہی نہ افسر کی احتیاج
عاقل ہی تو تو زیست ہی مین بندوبست کر	انسانکو بعد مرگ بھی ہی گھر کی احتیاج
خواہان بوسۂ لب شیرین ہی بیقرار	اس مور ناتوان کو ہی شکر کی احتیاج
ہر شکل گل ہزار ہون اشیم ہنادل امین	خط بھیجنے کو ہی جو کبوتر کی احتیاج
یاد گلو و دیدۂ میگون سے مست ہین	ہمکو نہین ہی شیشہ و ساغر کی احتیاج

۵۹

[illegible]

بے سبب یہ نہین سرگوشی ارباب فساد
عشق صادق کا مرے فاش ہوا ہے کچھ آج

کا اُسے پھر شوق ہوا ہے شاید امتحان
مجتمع ہین در جلادپہ جانباز کچھ آج

بے نیازی کی بدولت ہون ہمیشہ سے عزیز
کیا یہ معشوق اُٹھاتے ہین مرے ناز کچھ آج

بر سر حرف ہے جیسے جو وہ شوخ کم گو
بات بھی کر نہین سکتے ہین سخن ساز کچھ آج

دم رفتار قیامت ہوئی برپا ہر گام
صور سے کم نہین خلخال کی آواز کچھ آج

مُرغ دل سے نگہ ناز پھری ہے ہو جبہ
بیرخی کرتا ہے تیر قدر انداز کچھ آج

ٹالتے ہین مجھے ہر روز یہ کہکر دم وصل
کل سے افزون ہے طبیعت کی ناساز کچھ آج

جذبہ اُلفت ہے یہ کس تیر نگن کا کشش
اور دنیسے ہے سوا طاقت پرواز کچھ آج

میری غیبت مین یار نے چھیڑا شاید
دم بخود دیر سے بیٹھے ہین جو غماز کچھ آج

تھوڑی ذلت ہی نہ جائینگے وہ سب لاکھ بولا مین
کل کچھ اعزاز ہوا ہوئگے سرافراز کچھ آج

چتکین کرتے ہین اغیار سے بنص بیٹھ قلق
صحبت یار کا سب طور ہے انداز کچھ آج

بیدا ہوا ہون کیا مین اگی ہوائے رنج
رحمت کے نام سے نہین واقف سوائے رنج

وہ خفتہ بخت ہین کہ نہ جاگے کبھی نصیب	دیکھا نہ خواب عیش کبھی ہنسے سوائے رنج

فرقت مین ایک قاتل بے رحم کی قلق
چورنگ دل کو کرتی ہو تیغ جفائے رنج

بیمار عشق اور تو سب کر چکا علاج	باقی فقط ہی اک ملک الموت کا علاج
جز وصل یار اور ہی بیفائدہ علاج	درد غم فراق طبیبو ہی لا علاج
آئے تھے کرنکو ترے دیوانیکا علاج	اپنا ہر اک طبیب کو کرنا پڑا علاج
کیا کیجیے معالجہ اس شرم چشم یار	کرتا ہو کون نرگس بیمار کا علاج
بہر عیادت آئے تو ہمراہ غیر کے	اپنے مریض عشق کا اچھا کیا علاج
کیونکر کہون امید شفا تو نہین مجھے	عیسی کرینگے عشق کے آزار کا علاج
اک دن ہماری جان ہی لیکریہ جائیگا	درد جگر ہمارا طبیبو ہی لا علاج
احباب میرے ہوش کی اپنے دوا کرین	ہوگا طبیب سے دل بیمار کا علاج
خود سر کمال ہو دل دیوانہ ناصحا	ایسے جنون زدہ کا کرے کوئی کیا علاج
جانبر مریض عشق کو ہوتے نہین سنا	کوئی کریگا کیا مرض الموت کا علاج

ردیف جیم فارسی

ردیف جا حطی

حیرت کا ہی مقام طلسم زمانہ دیکھ | غفلت میں زیست ہیں کرتے ہیں جاں سوچ
فکر مآل کار تو کچھ زیست بھر نہ کی | زاد سفر کا اب ہی دم احتضار سوچ
کشتے کی تیرے خاک ہی تورو ند شوق سے | کرتا ہی اتنا کسلیے ای شہسوار سوچ
وعدہ کیا تھا ہم سے کسی بات کا کبھی | کچھ جی میں اپنے ای بت غفلت شعار سوچ
شاید کسی رقیب نے پھر بھر دیے ہیں کان | خالی نہیں ہی آپکا یہ بار بار سوچ
نے اس گلی کے بیٹھ لگے گی نہ قبر سے | مدفن کی جا مری نہ کہیں اور یار سوچ
پہلا اسیر زلف جو ہی اسکی قدر کر | اول بہا ہی مشکسہ بہا بھی ہیں یار سوچ
دی جان جسپہ فاتحہ کو بھی نہ آیا وہ | بعد فنا ہی یہ ہیں نہ یہ مزار سوچ
دلکو عبث مقابلہ عشق کی ہی فکر | کرتے نہلیں ہیں مرد دم کار زار سوچ
دل ہے گیا رقیبوں کے کب تک ہمیں خار | اپنے بجائے خود تو کچھ ای گلعذار سوچ
ہوگی کبھی نہ دام سے صیاد کے نجات | ای عندلیب فرقت گل میں ہزار سوچ
کر عرض حال کھیل گئے جان ہی یہ جب | کس بات کا ہی پھر تجھے ای دلفگار سوچ
دل دیتے وقت سمجھے نہ افتاد عشق کی | بیجا ہی اب یہ ای قلق دلفگار سوچ

[illegible]

جنون ہوا جب مجھے تیرے صبح عارض کا
صفائے دل سے تجھے حاصل ہو اسدم اغاز فن
ہماری قمر حسین اس سے کرتے ہین کہ ہمین
وہ آفتاب بدن ہر جوجہری دیکھے
بہانہ کرکے نہ آیا اندھیری راتون کا
کلیجا سنگ کا بھی آب ہو کے بہ جائے

ہمیشہ چاک گریبان ہا سحر کی طرح
سنان غمسے چھدے جب جگر گہر کیطرح
کمال عشق پہ ہر ناز ذی ہنر کی طرح
ترے پسینونکے قطرونکو بے گہر کیطرح
وہ ماہ پردۂ شب مین چھپا سحر کیطرح
اگر اٹھائے وہ صدمے مرے جگر کی طرح

خیال رنگ طلائی کو یار جانی کے
جگہ دی دل مین قلق مین نے حب زر کی طرح

چہرہ ترا ہر اے مہ غبی جواب صبح
پیش نظر جو وصل مین تھا انقلاب صبح
تار شعاع مہر ہین فرقت مین تار اشک
منزل ہماری غفلت پیری نے کھوئی کی
آنچل دوپٹے کا رخ پر نور پر نہین

مہتاب شب ہین گال ہین آفتاب صبح
پوچھو نہ حال شب کا نہ کچھ اضطراب صبح
گریبان سے مرے حال پہ چشم پر آب صبح
وقت سحر گران ہر مسافر یہ خواب صبح
تار شعاع مہر بنے ہین نقاب صبح

[illegible]

ضعیف ہو کے سمجھتا نہین تعجب ہر — کرون شباب مین کیا الفت بتان ناصح

کرم کیا ہی غم عشق نے مرے دلمین — مین کسطرح نکرون پاس میہمان ناصح

ہم آپ بند کیا کرتے ہین ہزارونکو — ہمارے سامنے کھولیگا کیا زبان ناصح

بتونکا کلمہ پڑھے تو ابھی ہماریطرح — کمال عشق اگر پختہ ہو عیان ناصح

مین وہ ہون عاشق دیوانہ گر مجھے کی ہیلا — برنگ جیب اڑا دونگا دھجیان ناصح

کہین ہماریطرح یہ بھی پھنس گیا شاید — کچھ آجکل ہی بہت ہمہ مہربان ناصح

قلق نہ حرف نصیحت زبان پہ لائے وہ پھر — جو سن لے میری محبت کی داستان ناصح

ردیف خای معجمہ

ان شعلہ رخونکا ہی ہر اک عضو بدن شوخ — کیونکر نہ یہ بجلی کیطرح ہون ہمہ تن شوخ

آنکھین بڑی آفت کی ہین اور غنچہ دہن شوخ — کچھ ٹہکے نہین ایسے غزالان ختن شوخ

شیشے سے عیان دختر رز کی ہی شرارت — گھونگھٹ ہی مین ہو جاتی ہی معلوم دلہن شوخ

وہ نظرون مین کر دیتے ہین دل لاکھونکے بیچین — ان شوخ حسینونکا ہی انداز سخن شوخ

در پر کہین بہت ہاتھ نہین لگتی ہی لیکن — پیری مین جوانونکی طرح سے ہی یہ زن شوخ

تمھارے کوچے مین جاکر یہ اب مچلتے ہین حجاب وصل کو توڑا ہو جی کڑا کر کے	کبھی ہوے نہین ایسے مرے قدم گستاخ بہت تو مین ہوے ایسے آج ہم گستاخ

ردیف	لحاظ ہی مین شب وصل ہو گئی آخر نہونے پائے قلق اس سے کوئی دم گستاخ	دال مہملہ

ہوئی بلند جو اپنی شرر فشان فریاد	کرے گا صوت اسبند آسمان فریاد
وہ دل جلا ہون اگر پہونچے تا زبان فریاد	جلائے نوک زبان میری شمع سان فریاد
وہ عندلیب ہون آئے جو تا زبان فریاد	فغان کرے گی صیاد و باغبان فریاد
اگر یہی رہے بعد فنا بھی جور بتان	کرینگے صوت ناقوس استخوان فریاد
نہ نیند آتی ہی مجکو نہ موت آتی ہی	خیال اُلفت مین ہی کہا جلائے جان فریاد
تمھارے اس دل بیرحم کو دکھا وےگی	ابھی سُنی نہین عاشق کی مہربان فریاد
تری گلی مین جو عاشق کمان افسر ہی	پیادہ رو ند کا نالہ ہی پاسبان فریاد
چمن کی سیر مبارک ہو ہمصفیر دیکھو	یہان قفس مین ہی ور نہ زبان فغان فریاد
جلائیو نہ اسے ای فروغ آتش گل	کرینگے مرغ چمن پھر آشیان فریاد

نمبر ۶۵ تشقیق

[illegible]

قیامت آئیگی ہوگا جو قد یار بلند

[illegible]

ہزار بار ہو سایہ پست لاکھ بار بلند

[illegible]

۶۶

جو آشیانے تمھین شعلۂ آتش گل کے		مرا نہال تمنا ہو بارور صیاد

قلق نصیب ہو کیا سیر باغ بے کھٹکے
عدوے جان ہر ادھر باغبان اُدھر صیاد

دیکھکر رُخسار تابان کو جو شرماتا ہی چاند		ای مہ مُبہج شرف بدلی مین چھپ جاتا ہی چاند
جستجو مین تیری جا کر اسقدر کھاتا ہی چاند		آسمان پر شعلۂ جوالہ بنجاتا ہی چاند
تیرے تلوے سے جو کمتر آبکو پاتا ہی چاند		دو ہی ہفتے مین فروغ غم سے گھٹ جاتا ہی چاند
دیکھکر تیری سپر کے چاند کا فاتل فروغ		ہر یک شب تا گگھر غم سے بنجاتا ہی چاند
نام کیا رکھین کسی پر اپنی اپنی ہی پسند		ہمکو وہ رُخسار تابان کیک کو بھاتا ہی چاند
جب اُلٹتا ہی وہ برق حسن چہرے سے نقاب		تاب نظارہ کہان ہی چپ چھپا جاتا ہی چاند
دیکھکر شبکو خرام ناز اُس خورشید کا		چاندنی کے پردے مین آپہی چھپا جاتا ہی چاند
جستجوے شرط کیا کم لکھنؤ ہی مصر سے		اک نہ اک مثل مہ کنعان نظر آتا ہی چاند
روشنی بدر عارض دیکھکر اُس ماہ کی		کبک کے مانند از خود وجد مین آتا ہی چاند
ہجر کی شب یاد عارض دلکو تڑپاتی ہی جب		تیری تصویر اپنے آئینے مین دکھلاتا ہی چاند

[illegible]

محیط عالم فانی مین فائدہ منعم
شب فراق یہ ڈر تھا جلے نہ خرمن ماہ

سر غرور رہا گر حباب دار بلند
ہوے جو نالہ سوزان سے کچھ شرار بلند

سر غرور رہے سر کشون کے پست قلق
جو رزم مین ہوئی حیدر کی ذوالفقار بلند

اسیر کرکے تو لازم نہین جفا صیاد
پھنسے نہین کسی ناآشنا کے پھندے مین
رسا ہے تو نہین نصیب اُسکے ملغ عالم مین
دیا ہے دام نے زلفون کے مُرغ دلکو مرے
نہین ہے رنج اسیری تو کچھ مجھے لیکن
نہ دلسے کرتا مین قطع اُمید آزادی
دکھایا ہنر چمن نے جو اسکو آئینہ
ہنر دکھایا شکار افگنی کا اپنی خوب
کسی کا موسم گل مین نہ آشیانہ اُجاڑ

قفس چمن سے نہ کر نا مرا جُدا صیاد
ہزار شکر کہ ہے صورت آشنا صیاد
ہوا جو صید ترے دام زُلف کا صیاد
فریب دانۂ خال عذار کا صیاد
یہ خوف ہے کہ ہے کم سن بہت مرا صیاد
اسیر کرکے اگر پر نہ کاٹتا صیاد
خود اپنے دام محبت مین پھنس گیا صیاد
کہ ہم کو زندہ گرفتار کر لیا صیاد
خدا سے ڈر نہین گھر بار کیا ترا صیاد

۶۷

[illegible]

سخت جانی مری بل اسکا نکالیگی ضرور
مجھسے کیا کرتی ہی قاتل تری تلوار گھمنڈ

عشق گل پر ہی تجھے ناز بہار آنے دے
دیکھ لینگے ترا ای بلبل گلزار گھمنڈ

خط نکلنے پہ یہ رہتی ہی صفا دیکھتے ہین
اور دو دن ہی یہ آئینۂ رخسار گھمنڈ

بیٹھ نہین کیا مری ہر چھایا سے ہی اسکو گریز
مجھسے کرتا ہی ترا سایۂ دیوار گھمنڈ

ای بتو کبر و تکبر ہی خدا کو زیبا
کب ہی تم خاک کے پتلو نکو سزاوار گھمنڈ

زور و زر کچھ نہین پھر ہوگا وہ تیرا کیونکر
مجکو کس بات پہ ہی ای دل نادار گھمنڈ

کان رکھکر کبھی واعظ کی نہین سنتے ہین ہم
تیری رحمت پہ یہ کرتے ہین گنہگار گھمنڈ

ردیف	ای قلق اپنی اطاعت پہ ہمین بھی ہی غرور حسن پر اپنے جو کرتے ہین طرحدار گھمنڈ	ذال معجمہ

شہد و شکر نہین کبھی اس سے سوا لذیذ
معجون بوسۂ لب شیرین ہی کیا لذیذ

وقت ابتدای عشق کا کیونکر نہو عزیز
ہوتا بہت ہی پہلے پہل پھل نیا لذیذ

پوچھے زبان زخم جگر سے مزہ کوئی
قاتل ہی کیا ہی پھل تری تلوار کا لذیذ

چوسی زبان یار جو مین نے شب وصال
شیرین کے لب سے تو زیادہ پائی سوا لذیذ

[illegible]

ردیف	درد دل کو قلق آرام ہوا دیکھتے ہی نامہ لایا نہین قاصد کوئی لایا تعویذ	رائے مہملہ

لائے خدا ہی اُس بُتِ ظالم کو راہ پر — چھائی ہوئی ہے بے اثری میرے آہ پر

جائیگی جان سُرمۂ چشمِ سیاہ پر — رکھی ہے باڑھ یا لئے تیغ نگاہ پر

ہے زاہدوں کو مزہ عبادت کی حشمت پشت — میری نظر ہے اُس کے کرم کی نگاہ پر

کچھ اسکا اعتبار نہین بیوفا ہے یہ — نازان نہو جیو زنِ دُنیا کی چاہ پر

ہنگام دید سامنے اُس رشکِ ماہ کے — یوسف کبھی چڑھے نہ کسی کی نگاہ پر

پھر پیروی پہ اُس کی قدم مارنے لگے — طاؤس و کبک آئے ہین کچھ کچھ تو راہ پر

خواہان نقد ہوش مین وقت سوال — جُرمانہ اُٹھتے ہوتا ہے یان داد خواہ پر

کب دھوپ مین ہے غنچۂ رنگین کی خیمہ آر — سُورج بھی لگی جھڑی ہے رُخِ ماہ پر

صیاد افگنی مین ایک ہے تو دو چشم ہم — صدقے ہے مرغِ دل ترے تیرِ نگاہ پر

دیکھا جو پھر کے مارنے آنکھین جھپک گئین — بجلی کا شک ہوا مجھے اُسکی نگاہ پر

اس تیر کو خطا کبھی کرتے سُنا نہین — عاشق بآثر ہے وردِ رسیدہ کی آہ پر

۶۹ نگار عشق

وہ عورت سگ حبیب کی ہو ضعف گیا کرون
باقی نہین ہی پوست تلک استخوان پر

فرقت کا غم ملامت ناصح ملال غیر
سو طرحکے عذاب ہین اس ایک جان پر

دنیا مین اور خانہ امید کون ہی
جاؤن یہ در مین چھوڑکے کس آستان پر

بلئے ثبات کو مرے اللہ رے قرار
مین سر بکف ہون طرح صنم امتحان پر

نقش قدم حضور کا جسپر ہی جلوہ گر
اس سرزمین کا اب ہی دماغ آسمان پر

دیتی ہی صبح شام شفق آج شاہدی
ثابت ہی بیگناہونکا خون آسمان پر

بازار حسن مین جو وفا کی تلاش کی
دیکھی نہ ایسی جنس کسی کی دکان پر

آجائے دم بھی ہو نہ تو نہ گرائی میں وصل
لاؤن کبھی نہ حرف تمنا زبان پر

دانتونپہ اسکے دیتا ہی جان اپنی مرغ دل
گرتا ہی مثل سگ یہ ہما استخوان پر

حسن بیان دلیل شرافت جہانین ہی
موقوف ہی بشر کی لیاقت زبان پر

لذت جفا نے یار سے پائی ہی بسکہ دل
آتی ہی شکر بن کے شکایت زبان پر

دلکو کمال داغ محبت عزیز ہی
شفقت ہی میزبان کی بس میہمان پر

قدرت خدا کی دیکھیے انسان اور غرور
اک مشت خاک کا ہو دماغ آسمان پر

خون برسائے پتھر آسمان نے مزرعۂ جان پر
جھائے پیر سبقت لیگئی بید و طفلان پر

اُگایا عطر جب ہمنے لب رنگین جانان پر
تو گویا تیل چھڑ کا آتش لعل بدخشان پر

نہین یہ معجزہ موقوف کچھ موسی عمران پر
پیالے ہین ید بیضا کف پُر نور مستان پر

کبھی چلتی نہین دہ بہاری آ گلشن مین
وہ بُلبُل ہون کہ وارفتہ ہون گلہائے حرمان پر

ریاض کوئے جانان بُلبل شیراز گر دیکھے
صفت اسی بوستان کی لکھے اوراق گلستان پر

کیا قتل اُسنے مجکو یہی قاتل کی آرائش
جمایا خون کالا کھا لب شمشیر بُران پر

پس دیوار تڑپوگے کہانتک شوق کہتا ہی
کمند آہ سے چڑھجاؤ بام قصر جانان پر

تصور بندھگیا و حشتین کسکے روئے روشن کا
کہ عالم وادی ایمن کا ہے اپنے بیابان پر

ہمیشہ سبز رہتا ہی گلستان جود و بخشش کا
کبھی باد خزان چلتے نہ دیکھی باغ احسان پر

ہوا جامے سے باہر کسقدر شوق شہادت ہی
پڑی جسدم نظر قاتل تری شمشیر عریان پر

یہ کس مہر سپہر حسن نے رکھے قدم اپنے
گمان مہر ہی ہر ذرہ خاک شہیدان پر

تمہارا مسکرانا جانتا ہون جان کھوئیگا
گریگی ایکدن برق تبسم خرمن جان پر

ہمین بس آجکل سلطان اقلیم شہادت مین
ہی اپنے نام کا سکہ زر گنج شہیدان پر

۱۷ شعر

ہم لڑاتے وقت وہ ہم کو اڑاتے ہیں
ڈر ہے پڑے نہ پیچ رگِ جان کی ڈور پر

اے ضعف گوشہ گیر ہیں میں ہر اک طرح
آتی نہیں بلا کوئی روزن میں شور پر

تحریر جو لکھ کے ڈھاتے ہیں ان تک نہیں جواب
پیان بدلے تار کے خبر آتی ہے ڈور پر

رفتار ناز دیکھ کے اُس رشک ماہ کی
چھائی ہے مثل آئینہ حیرت چکور پر

لب پر ہے اُس ملیح کے کتنا ہجوم خط
میلا لگا ہے ساحل دریائے شور پر

اُس گل کے وصل کی جو مراد آئے اے قلق
چادر چڑھاؤں پھولوں کی بلبل کی گور پر

بعد فنا ہے سوز دل اس زور شور پر
جل جاتی ہے جو آگتی ہے گھانس اپنی گور پر

رکھے گلوں نے کان نہ بلبل کے شور پر
دیکھا نہ مہربان قمر کو چکور پر

دی جان اک ملیح کے آغاز عشق میں
ڈوبا جہاز ساحلِ دریائے شور پر

اِک بوسے کا جتاؤ نہ احسان کسطرح
لات آج تمنے ماری ہے حاتم کی گور پر

روشن ہو نام نیت خاہر ہے سب عبث
جلتا نہیں چراغ بھی حاتم کی گور پر

اے چرخ پیر اپنی نہ قوت دکھا ہمیں
کیا اعتبار عہد ضعیفی کے زور پر

۸۳

ڈاڑھ کھوتے ہین سفاک جو تلوارون پر
کیا چڑھائی ہی محبت کے گنہگارون پر

جوش پھر لالہ وگل کا ہوا کہسارون پر
آنکھ پھر آبلون کی پڑنے لگی خارون پر

ابر مینا ہی گھرا دور می گلگون ہی
کرم پیر خرابات ہی میخوارون پر

آدمی کرتا ہی کیون نہ رہے محبت اتنی
نقش حب سگے کی جا ہوتا ہی بیمارون پر

دیکھکر ابر سیہ کو ترے سمجھین وہ گھٹا
رقص طاؤس کرین باغ کی دیوارون پر

خرمن ماہ پر اک روز گریگی بجلی
گر یہی نور رہیگا ترے رخسارون پر

چوک مین جب ترے یوسف کی سواری نکلی
چڑھ گئے لاکھون بشر کوٹھون پہ دیوارون پر

گنبد گل جا کے کاندھے تھین عنا ہی سوا
چڑھے پھرتے ہین جو لوگ آج ہوادارون پر

آپ کو مد نظر ہو اگر آرائش قصر
میری آنکھون کی سفیدی کھلی دیوارون پر

ابروے یار کا سر بیچ کئے لے سودا کون
کسکا قبضہ ہوا ان برہنہ تلوارون پر

نے نیاز ایسے وہ اب صبح بھی ادھر کرتے نہین
ناز ہر وقت کیا کرتے تھے جن یارون پر

جلوہ گر ہوتا ہی وہ مہر شب ماہ مین جب
چاندنی دھوپ نظر آتی ہی دیوارون پر

آنکھ لڑتے ہی لگے مینڈھے لڑانے ہر جان
نقد دل کے ہو طلبگار انھین گسدارون پر

[illegible]

قسمت ہو آگے وصل میسّر ہو یا نہو
ایذا مین صبح ہجر کی کینے بھی ہم نہ پائے
باہر ہوا مین جامے سے اپنے شبِ وصال
اُس ماہ رو کی دید کا اللہ رے اشتیاق
شبکو خجل تھی اُسکی سفیدی سے چاندنی
فرقت کی رات رو رو کے دریا بہا دیے

آئے تو منہ تو نسے وہ ہمارے پلنگ پر
وہ شام ہی سے آج سِدھارے پلنگ پر
کپڑے جو سنے اپنے اُتارے پلنگ پر
گردوں سے ٹوٹے پڑتے ہین تارے پلنگ پر
چادر کسی تھی ایسی ہمارے پلنگ پر
تکیے سب نے نہنگ ہمارے پلنگ پر

پٹّی کے نیچے بیٹھا رہا رات بھر قلق
رکھا قدم نہ خوف کے مارے پلنگ پر

دمِ وصل اُس پری رو کے آ بنی دل پر
قضا بولی پڑی جب آنکھ اُسکی بسمل پر
نگاہ ناز رکھتی ہو نہ عامل پر نہ کامل پر
خدا شرم اُسکی رکھے صیدہ گاہ قربانی مین
شب وصل اُسکا نور حسن تزئین بخش ایسا ہو

تباہی مین جہاز آیا ہمارا آکے ساحل پر
وہ شاہین نگاہ ناز چھوٹا طائرِ دل پر
کوئی صیقل کبھی چلتے نہ دیکھی تیغ قاتل پر
قدم مارا ہی مرغ دل نے بھی رفتار بسمل پر
رستارونکی ہو افشاں لگن و شمع محفل پر

جان اپنی دی جو اک بت شعلہ عذار پر
پروانون نے چڑھائی چراغی مزار پر

کیا منھ ہی عندلیب کا مجھسے کرے جو بحث
ہین ایک اس چمن مین ہمن بھاری ہزار پر

شمع وفا پہ جو ہے پروانہ عمر بھر
گھی کے چراغ جلتے ہین اُسکے مزار پر

کیونکر نہ انمین پھوٹ رہے ای جنون مدام
پروانے سارے آبلے ہین شمع خار پر

شان اُسکی دیکھو بس دل شیدا پہ اب نہین
مجبور کر دیا ہمین اس اختیار پر

دلکی کشش سے ہوتے ہین یہ کب مطیع
مفلس پہ منحصر ہی نہ کچھ مالدار پر

منظور ہی کہ کیجیے در پردہ دید یار
تار نظر چڑھائیے اُسکے ستار پر

یون ہی ہجوم غم دل شیدا پہ ہجر مین
جسطرح دوڑ آتی ہی تقصیر وار پر

شبنم کے قطرے دیکھکے لالے پہ سمجھے ہم
چھالے پڑے ہین اُسکے دل داغدار پر

وہ ناتوان ہون بعد فنا پائے مور کی
زیر زمین بھی پہونچی دھمک جسم زار پر

ڈالی نہین ہی اس دل وحشی پہ اُسنے آنکھ
چھوڑا ہی شاہباز ہرن کے شکار پر

محو مژہ وہ پھر دل حق گو کو کرتے ہین
منصور کو دوبارا چڑھاتے ہین دار پر

اک طور پر قلق نہین یہ تا مزاج یار
دو پر ہین مہربان تو غصہ ہی چار پر

تیرے احسان لطف کی دیوانو کا پہنا دیجے
بال مستی کے جو رکھوائے ہین جانان سر پر

بال بچتے ہین مرے تار گریبان نہ سمجھ
دشت وحشت کہین ہوتا ہی گریبان سر پر

تمنے غیرونکو دیے مصحف رخ کے بوسے
جھوٹ بولوگے تو رکھدونگا مین قرآن سر پر

چاند سورج تو ہین پر چاہیے تارے ای ماہ
بدلے ماتھے کے چھڑک لیجیے افشان سر پر

سر قدم ہو رہے اُس رشک پری کے اپنا
نہین درکار جنون چتر سلیمان سر پر

موت آئے کہین ای گلشن نہین آئے ستم مین
جو بلا آنی ہو آئے شب ہجران سر پر

نجومکے بل شہ چلو خوب نہین ہی یہ چلن
ٹیڑھی ٹوپی نہ رکھو ای مہ تابان سر پر

تیرا شیدا ہی جو مجنون لڑائے رنگین
داغ جائے گل دستار ہی جانان سر پر

بجلی چمکاوے لب ابر بلا وحشت تو بھی
بارش سنگ ہی اور شورش طفلان سر پر

سچ ہو قول و قسم پر نہ کسی کے کوئی دے
جتنے جھوٹے ہین یہ رکھتے ہین قرآن سر پر

ہین محمد وو دنیا مین شہ کشور ترک دنیا
عوض چتر ہو ظل شہ مردان سر پر

اب ہمکو گرم غزل کہنے کی کچھ فکر نہ کی
ور آپہونچی قلق فصل زمستان سر پر

اے جنون مجکو یقین ہو گیا آئی بہار
وصل کی شب طالع خوابیدہ جاگا اُٹھے مر
غنچۂ گل نات کو باندھیں نہ شاعر اسطرح
جی مین کھلتا دیوار پھاندوں نکہت گل کی طرح
تھا جو شوق قتل سمجھا عید قرباں کا ہلال

کچھ تراوت سی گل داغ جگر مین دیکھکر
سو گیا وہ ماہ جبیں صبح گجر مین دیکھکر
شاخ گل کی سی لچک تیری کمر مین دیکھکر
بدگمان کیا آیا ہو قفل اُسکے در مین دیکھکر
چاند اُس خورشید عالم کی سپر مین دیکھکر

ہمتو کیا ہر بے ہنر کو صبر آیا اے قلق
بھیک کا کاسہ کف اہل ہنر مین دیکھ کر

ہٹ گئے جب اُسکے آگے طائر دل چھوڑ کر
سخت جانی نے کیا یہ مرتے دم اچھا سلوک
کہدو آئے اب تصور اُس بت بیباک کا
پیاسا ابھی ہو قاتل اور اک قطرہ آب تیغ کا
جسکو اُس صیاد نے تاکا نہ کی ہرگز خطا
ہو گیا غیروں سے آخر بزم خوبان مین بگاڑ

آپڑا بازِ نگاہ یار کندے جوڑ کر
تیغ قاتل بیٹھا ہے چلی منھ موڑ کر
پردہ آنکھوں نے کیا مژگان کی چلمن چھوڑ کر
مانگتا ہی خود دہانِ زخم تن منھ پھوڑ کر
تاوک مژگان کو ابرو کی کمان مین جوڑ کر
لیگئے تشریف تمتہ ایک شور شا چھوڑ کر

[illegible]

ہم صحبتی غیر کی کیا ہی یہی جگہ
وہ دل جلا ہون بعد فنا بھی جلونگا مین
ابر سیاہ چھایا ہی ساقی شراب دے
شاید کسی رقیب کا پھر جوڑ پڑ گیا
پہلو مین میرے بیٹھ کے ذکر وفائے غیر
ممکن نہین جو عشق گل تر سے باز آئے
خجسش ہو آدمی کا تو ہو دل لگی کا لطف
دکھلا کے نقش پا اُسے ھو کا گاو نکا دے

بعدِ فنا تو ہمکو نہ زیرِ مزار چھیڑ
پروانوں سے کریگی جو شمع مزار چھیڑ
بارش نے تار باندھا ہی مطرب ستار چھیڑ
کرتا ہی بات بات مین پھر وہ نگار چھیڑ
مجھسے نئی یہ تو نے نکالی ہی یار چھیڑ
گلشن مین عندلیب کو گلچین ہزار چھیڑ
ہم اپنے غم مین مبتلا ہین اے نگار چھیڑ
بلبل کو چل کے باغ مین ای گلعذار چھیڑ

آزردہ ہو نہ جائے کہین پہلی شب ہو آج
اس بد مزاج کو نہ **قلق** بار بار چھیڑ

دل اپنی جنس کو لگا نہ بکھرا سے بگاڑ
سیدوار رہتے تھے قالبِ وقت کے
ایسے بھی اپنے ہمسے صفائی نہ وہ رہی

سودا اپنا ہوا نہ خریدار سے بگاڑ
غیروں کی بن پڑی جو ہوا یار سے بگاڑ
جیسے ہوا اُس آئینہ رخسار سے بگاڑ

[illegible]

گو صاف انھین کیا پہ کدورت نہین گئی
میری طرف سے دل مین ہین وہ بدگمان ہنوز

مر کر بھی عشق زلف کا چھوٹا نہ سلسلہ
ہوتے ہین حرف شانہ مرے استخوان ہنوز

گلشن مین مجھ اسیر قفس کے ہین یادگار
باقی جو کچھ ہین خار و خس آشیان ہنوز

چکھا ہے جب سے اُس لبِ شیرین کا ذائقہ
ہونٹھون پہ پھیرتے ہین ہم اپنی زبان ہنوز

پیوند خاک ہوا ہو نہین نالہ کش
اک شور ہے زمین سے تا آسمان ہنوز

یہ نیلگون لباس ہی تنا نہین کبھی
کس غمزدہ کے سوگ مین ہے آسمان ہنوز

اُسکی گلی مین قبر شہیدان ناز کے
باقی برائے نام ہین کچھ کچھ نشان ہنوز

گو بند کر چکا ہون مین سو بار انھین مگر
آمادہ بحث پہ ہین مرے ہمزبان ہنوز

تیغ نگاہ ناز سے قصہ تمام کر
قاتل تڑپ رہے ہین ترے نیم جان ہنوز

باغ جہان مین ہمسا نہین خلمان خراب
پائی جگہ کہین نہ پئے آشیان ہنوز

ہون مشیدہ رست شاہ جنون مشق کشمکش
مجنون کی روح بھیجتی ہے ارمغان ہنوز

سو بار انقلاب زمانہ ہوا مگر
نا مہربان مرا نہوا مہربان ہنوز

بلبل سے مجھسے نالون کی جب سے ہوئی ہے بحث
گلچین ہے چپ سکوت مین ہے باغبان ہنوز

ہمارے عالم سے جدا ناز کیا یار انداز
عاشقِ خلق ہو اس سست ادا کا انداز
ورکی وضع یہ دیکھی نیمدی کا انداز
ابھی رخسار بھی سبزہ پیدا نہ چند روز
ہن کا رخ ہوا ہم قلق چمن کو سیا دیں
نششا رچند روز ہون دیوانہ چند روز
الفت مین ایک شیشۂ گلگون مزاج کی
بھر ہوا نہ عمر کا پیمانہ چند روز
ساقی کو لینے دیکھو لون جی بھر کے ادا مین
آبادی وہ ویرانہ چند روز
قسمت میں ہی تمام ابھی شمع دل

وہ عاشق جانباز ہون گجان پہ کھیلون
پھندے سے تری زلفکے دل نکلے تو کیونکر

آنکھون پہ گرے یار کی شمشیر کا انداز
ہی مفسدہ پرداز ادا فتنہ گر انداز

ہر رنگ کی صحبت مین قلق بیٹھے شب و روز
بدلا نہ طبیعت کا مگر عمر بھر انداز

کی یہ اطاعتِ دلِ دیوانہ چند روز
سمجھا کیا یگانہ تجھکو بیگانہ چند روز

ہمنے بتو تمکو دل مین جگہ دی تو کیا ہوا
کعبہ بھی تو رہا ہی صنمخانہ چند روز

شعر ابھی دو دانہ کرو آتی ہی بہار
رہنے دو مجھکو اور بھی دیوانہ چند روز

پھر داستان لیلی و مجنون کبھی نہ بھائے
سنیے اگر ہمارا بھی افسانہ چند روز

منھ لگ گئی تھی دخترِ رز کتنی ساقیا
چھوٹا نہ میرے ہاتھ سے پیمانہ چند روز

ہم بزم ہمکو یار سے رہنے نہ دیگا چرخ
مہمان ہی یہ رونق کاشانہ چند روز

بے یار زندگی مری کم موت سے نہ تھی
بدتر رہا لحد سے بھی کاشانہ چند روز

جلسے پری جمالون کے رہتے تھے رات دن
اپنا بھی گھر رہا ہی پریخانہ چند روز

حالہ ہوا صفائی گل روے یار غیر
ہر کلبک شمع ماہ کا پروانہ چند روز

[illegible]

کیا اُڑا لائی صبا تیرے بدن کی بو باس
کہ لباس گُلِ تر مین ہو دُلھن کی بو باس

بوسہ لے لیتے ہین ہم بادہ کشی کے بدلے
مست کر دیتی ہو ساقی کے دہن کی بو باس

بے پیے مست ہوے جاتے ہین ہم بادہ پرست
ساقیا دختر رز مین ہو دُلھن کی بو باس

صحبتِ گیسوے مشکین کا تری ہو یہ اثر
نافۂ خال مین ہو مشک ختن کی بو باس

پھولونکی سیج مین خوشبو یہ کہان تھی تو بہ
بسج گئی ای گُلِ تر تیرے بدن کی بو باس

مُنھ پہ مُنھ رکھکے ترے مر گئے یوسف کیطرح
جان دیتی ہے نگھتے ہین حبیبِ قرن کی بو باس

ای نسیم نفس سرد کھلا دے ان کو
ہر کلی مین ہو مرے غنچہ دہن کی بو باس

گلشنِ تُحفے صنم مین تو کبھی لا صیاد
بلبلونکے ہو دماغون مین چمن کی بو باس

ہمکنار ایسے ہین اُس گل سے جو ہون شاخ گل
آئے آغوش لحد سے بھی دُلھن کی بو باس

عرقِ جسم سے کیا تُحفہ چمن سینچے ہین
رخت گُل مین ہو ترے جامۂ تن کی بو باس

کم لحد سے نہین گلزار مجھے فرقت مین
گُلِ نسرین مین ہو کافور کفن کی بو باس

کس گُلِ تر کا تصور ہو کہ ای بلبل زار
بس گئی دامن گلزار چمن کی بو باس

ہر قلق اُلفت گیسو کو چھپاتے ہو عبث
کبھی چھپنے کی نہین مشک ختن کی بو باس

سوتی ہے بزم کا فرو دبند رہے ترے	زاہد حرم میں میں ہیں یہاں برہمن اداس
خوش خون بیگناہ سے ہوتا نہیں کوئی	ہے مجکو قتل کرکے مرا تیغ زن اداس
شاید مرے نصیب میں وصل صنم نہیں	یوں جو جب ہوا ہے رخ برہمن اداس
سوتی ہے سیج پھولونکی برہم ہوا نہیش	کمرا پڑا ہے ترے لب گلبدن اداس
صیاد بعد اپنے وہ رونق نہ پھر رہی	سنسان ہے جو کنج قفس تو چمن اداس

کیا کوئی دل لگا کے کہے شعر اے قلق
ناقدری سخن سے ہیں اہل سخن اداس

لیگئے یوں مجھے منافی بیداد کے پاس	جیسے لیجائیں گنہگار کو جلاد کے پاس
حسرت قتل کا ہمسے نہ تقاضا اٹھا	خود ہی سر بھیجدیا کاٹ کے جلاد کے پاس
دام الفت کی اسیری کا یہ تھا شوق مجھے	گھر کرائے کو لیا خانۂ صیاد کے پاس
وقت اظہار غم وصدمہ دوری قاصد	دم ذرا کوئی نہ تھا اس ستم ایجاد کے پاس
قصد ہوتا ہے شمیم آکے بخوبی کھوے	مژدہ بار سا نشتر جو ہو فصاد کے پاس
کیسی تصویر کبھی ہاتھ سے اٹھا نہ قلم	جاکے بیٹھ آئے کئی روز وہ بہزاد کے پاس

یون تو ہین لاکھون حسین پر از حسنا ہین — ہو اپنے جنس کے لیے خریدار کی تلاش
آن بتان دو بہت بیٹھے ہین سر کج برہمن — بت کی جستجو ہی نہ زنار کی تلاش

فرقت مین ڈھونڈھتے ہین دل گم شدہ کو ہم
پہلو مین اپنے کرتے ہین غمخوار کی تلاش

مثل فلک ہو منزلت بادشاہان میفروش — ہو آفتاب شمسۂ ایوان میفروش
جمشید اسے کہین تو ہو شایان میفروش — جام جہان نما ہو کہ دکان میفروش
ظاہر اگر ہو رتبۂ عرفان میفروش — واعظ ہون منبر نشین ثناخوان میفروش
رنگین گلا ہو نسے ہو دکان میفروش — پھولا پھلا ہے یہ گلستان میفروش
راغ خمار ہجر مدے لب سے لب ملا — بنت عنب بخشے قسم جان میفروش
واعظ ہوا نمین حساب کیفیت ایک ایک — کیا پوچھتا ہی حال مریدان میفروش
ہو دور چشم مست پڑھین لوگ خط جام — ہر مدرسے مین چاہیے دکان میفروش
کیا اسکے آگے عقل فلاطون خم نشین — وہ بھی تھا ایک طفل دبستان میفروش
صحبت نصیب ہے تو وہ کیفیتین اٹھائین — قاضی و محتسب ہون ثناخوان میفروش

[illegible]

کوئی مرے کوئی جیے پروا اُسے نہین	ہم مبتلاے رنج ہین کرتا ہی یار عیش

ردیف — ساقی کا لطف دیکھکے کہتے ہین سب جلکے غیر / کرتا ہی آجکل **قلق** بادہ خوار عیش — **صاد مهمله**

لیتا نہ میر اُس ستم ایجاد سے قصاص	بلبل کا کون لیتا ہی صیاد سے قصاص
شیرین کو چاہیے تھا یہ تیشے سے پوچھتی	کس جرم کا لیا سر فرہاد سے قصاص
کرتا ہی یہ جو قد سے تمہارے برابری	لیتا ہی آرہ اسلیے شمشاد سے قصاص
برسون ملال دیتا ہی دم بھر کی عیش کا	لیتا ہی آسمان دل ناشاد سے قصاص
لب پر دہان زخم جگر کے یہ شور ہی	کوئی نہ لے مرا کہ مرے جلاد سے قصاص
فصل بہار آتے ہی پہنائین بیڑیان	لیتا ہی جنون مجھے حداد سے قصاص
اے گل سے آ چمن اُکھڑوا کے پھینکدے	لے فاختہ کے خون کا شمشاد سے قصاص
انصاف کو نہ ہاتھ سے دے باغبان اگر	لے خون عندلیب کا صیاد سے قصاص

بدلے جفا کے کرتا ہون مہر و وفا **قلق**
کیا لون مین اپنے بانی بیداد سے قصاص

ردیف سین [illegible]

[illegible]

کیا جانیں کون روگ ہے عشقِ بتاں بڑا جان	سمایا ہے کوئی یا کہ چھپتا ہے یا مرض
عیسیٰ کے پاس بھی کوئی اسکی دوا نہیں	کہتے ہیں جسکو عشق وہ ہے موت کا مرض
وعدہ وصال کا نہ کوئی سچ کیا کبھی	تمکو بھی جھوٹ بولنے کا ہے کیا مرض
آئینہ رو جہاں کوئی دیکھا پھسل پڑا	آئے ہمارے دل کو تو ایسا نہ تھا مرض
بقراط کیا مسیح بھی کہتے ہیں دیں جواب	تیرے مریض عشق کا ہے لا دوا مرض
دانتوں پہ شیفتہ تھے ہوئے اب فدا لب	تھا روگ ایک تو یہ ہوا دوسرا مرض
آرام درد عشق سے دل کو کہاں ہے	صحت سے بھی عزیز مجھے ہے سوا مرض
واقف ہیں ہم نتیجۂ آزارِ عشق سے	ہے گور کے تعویذ کلئے تو یہ جا چکا مرض
الفت کے عارضے کی دوا ہے اجل کے پاس	جاتے ہوئے کبھی نہیں ایسا سنا مرض
کیا کیا تڑپ تڑپ کے نکلتی ہے جان زار	اس عشق کا ہے سب کے خوشنصیب سوا مرض

دل کو ہمارے الفت عارض ہے عارضی
کیا اے قلق رہا ہے کسی کا سدا مرض

اے قمر خط سے رہیگا نہ جمال عارض	شکل خورشید ہے اک روز زوال عارض

۸۵

[illegible]

ردیف طاء معجمہ

فرقت مین گل کی کرتی ہی بلبل ہزار ضبط
ہوتا نہین ہے میری طرح زینہار ضبط
کب تک کرون مین درد جگر بار بار ضبط
اک روز جان لے کے گیا ای گلعذار ضبط
اچھا نہین ہے اس قدر اے بیقرار ضبط

اُس قدر عاشق خورشید اسے ہوا ہے رو پوش / خواب مین بھی نہین آتا ہے خیال عارض
ہو مقابل تو تری گرمی بازار ہو سرد / ہے یہ خورشید درخشان سے سوال عارض
بوسے لینے مین جو کاٹا تو نشان دانتون کا / بن گیا حسن نزاکت سے ہلال عارض
سبزۂ رخ ہے پروانہ شعاع خورشید / ماہ کی آنکھ کا تارا ہے وہ خال عارض
چشم یار آئینۂ رُخ مین ہی کب عکس فگن / کہتے ہین اہل نظر اُس کو غزال عارض
غیرت تار شعاعی ہے ترا سبزۂ خط / رو کش شمع تجلی ہے جمال عارض
جوہر آینہ سے دیجے اسے کیا تشبیہ / سبزۂ خط ہے ترا گرد ملال عارض
فلک حسن و لطافت پہ زحل تابان ہی / یا سویدا ہے دل حور ہے خال عارض
مثل آئینہ ہے وہ چاند سا چہرہ شفاف / پرتو ابروے پُر خم ہے ہلال عارض
مہر و مہ پر نہین موقوف کچھ اُلٹے جو نقاب / شمع طور آج ہے مشتاق جمال عارض
خانۂ دل مین لگا دیتے ہین ہم آئینہ / فکر ترئین مین جو کرتے ہین خیال عارض
چاہیے جا ہے خط سبز پہ قربان کرے / نقد دل عاشق رخ کا تو ہے مال عارض
خط کی آمد مین تو باقی نہ رہی وہ رونق / اے قلق دیکھیے کیسا ہو مآل عارض

لب و دندان ترے یاد آتے ہین صاف	جو کرتے ہین بہم شیر و شکر ربط
ضرر پہونچے مقرر اک نہ اک دن	کرے ناجنس سے انسان اگر ربط
دماغ اتنا کہان ہے جو احسان	نہ صندل سے کریگا دردِ سر ربط
بہت موزون ہے تیری بیت ابرو	بہم رکھتے ہین یہ مصراع تر ربط
جلاوے گی جگر کو آہِ سوزان	کرے گا پینے سے کیونکر شرر ربط

ردیف	قلق کا اُن سے تھا جو رنگِ صحبت گل و بلبل مین کب ہے اس قدر ربط	طائے معجمہ

ہم تو آگر نہوے یان کبھی دم بھر محظوظ	لوگ اس غمکدہ مین ہوتے ہین کیونکر محظوظ
جیسے زندان سے رہا ہوکے ہوے یوسف شاد	روح یون قید بدن سے ہوئی چھٹکر محظوظ
صبح عیش اپنی شبِ غم ہمین دکھلائیگی	رنج کے بعد ہوا کرتے ہین اکثر محظوظ
شادیِ قتل سے ہی دلمین ہر اک شادی مرگ	تیرے جانباز ہین کتنے تہ خنجر محظوظ
آتش عشق سے میرے دلِ سوزان کو ہے چین	آگ مین رہنے سے ہوتا ہے سمندر محظوظ
دل مرا نفس کُشی کرکے ہوا یون بشاش	قتل دارا سے ہوا جیسے سکندر محظوظ

ہم بھی ہونگا کبھی اے چرخ ستمگار محظوظ
گل عارض کی جو دیکھا ہے شگفتہ گل جو محظوظ
نکہت زلف کی بو سونگھ کے ہے عنبر محظوظ
ہر زبانی سے گلِ شادمان ہے یون وہ خوش
جسطرح داد سخن سے ہو سخنور محظوظ
عشق بت چھوڑ دو قلق اب کوئی وہ کام کرو
جسمین اللہ ہو خوش روح پیمبر محظوظ

نرگس سے ہے فقط اُسکی آنکھ کا لحاظ
کیا وصف چشم یار کرون اُسکے سامنے
پیر مغان کی روح کا کرنا بڑا لحاظ
ساقی کی بیرخی کی کہان تاب تھی ہمین
ناز و ادا و غمزہ و شرم و حیا لحاظ
تنہا مین اور لئے وہان ہین تمام رقیب
وہ ابتدا مین کرتے تھے انتہا لحاظ
سے کالی اجتنابات بھی کرتے ہین کبھی
نرگس کی آنکھ مین بھی نہین ہے ذرا لحاظ

حرمت بڑی ہی اُس کی نگر ہجو اسقدر	اندازہ ہے دختِ رز کہ تجھے وعظ نا
نکلی نہ خم سے بزم جوانان مست مین	پیر مغان ہا بنت عنب نے کیا ناز
پھر مجھسے اسطرح کی نہ کیجے گا دل لگی	نہر اس گھڑی تو آپ کا مین گرگیا
ہجو و شراب شوق نے شب کو یہ کر دیا	اُن کو رہا حجاب نہ مجھکو رہا لحاظ
قربان اس حجاب کے اس شرم کے نثار	اتنا نہ عاشقون سے کرا ہے لحاظ

ردیف	مجوب ہی مزاج فائق اپنا اس قدر کرتے ہین اپنے خرد کا بھی ہم بڑا لحاظ	عین مہملہ

دل کو نہین ہی او راب ای سیمبر طمع	ہی تیرے نقد وصل کی ناداں ہون یہ طمع
ذرات بڑھتی جاتی ہی دولت کے ساتھ حرص	اللہ آدمی کو بھی ہے اس قدر طمع
ہوگا بغیر ذلت و خواری کچھ حصول	تقدیر سے ہوا جو کیے گا بشر طمع
چھاتی کے نیچے رکھتی ہی گنجینہ ہای زر	او آسمان زمین کو بھی ہی کسقدر طمع
مستغنی المزاج ہون ایسا کہ اہل زر	رکھتے ہین مجھ فقیر کی مانند زر طمع
شوق جواب نامہ مین جاتا ہی نقد دل	دے اگر تجھے ہو کچھ ای نامہ بر طمع

[illegible]

یون رہی علم ہوئی با وصف عذر لنگ
محسوس آجتک ہوئے نقش پائے شمع

جلنے سے سوز عشق مین پروانیکے حصول
اس سے تو کاش آتشی اُودھر کو لگائے شمع

اس شعلہ رو کی دیکھے جو عاشق سے گرمیان
پروانو نکو نہ اپنے کبھی یون جلائے شمع

مین جل رہا ہون اک رُخ روشن کی یاد مین
مجھ دل جلے کے سامنے کوئی نہ لائے شمع

جل جلکے ایک رات مین طے کی عدم کی راہ
سیکھی فراق یار مین رہ فنا [illegible] شمع

اک شاخ گل کے بزم مین پھرتا ہون آہ گرم
باد سموم جلتی ہے گل ہو بجائے شمع

اس درجہ ہے ہیبت جو آئے تو خوف سے
ظلمتکدے سے میرے وہین بھاگ جائے شمع

شعلہ کیطرح عاشق آتش زبان ہون مین
ہمسے جو منھ چڑھے تو بہت منھ کی کھائے شمع

پروانو نسے یہ کرتی ہے ہر بار گرمیان
محفل مین یار کے نہ کوئی گل کھلائے شمع

ایسا فروغ آتش حسن صنم کا ہے
چاہے تو اپنے شعلہ رخ سے جلائے شمع

کرتی وہ سوز غم سے قلق کیا برابری
عاشق کی طرح سے دل روشن تو لائے شمع

ہاتھ سے اپنے اگر روشن کرے وہ حور شمع
روشنی پیدا کرے مثل چراغ طور شمع

[illegible]

ہوئے دیکھے تجکو تو ایسا ہو شرمسار چراغ
چھپے تہِ زمین پتنگونکے بار بار چراغ

کرے اپنے داغ محبت سے دل مرا روشن
خدا کے گھر مین جلاتے ہین ای نگار چراغ

حضور زلف صنم سوز داغ دل ہے کیا
جلے نہ سامنے کالے کے زینہار چراغ

وہ دل جلا ہون کہ روشن کبھی نہو اے گل
جلا مین گر سر تربت ہزار بار چراغ

سموم آہ نے گل کر دیا اُسے بھی ہائے
شب فراق مین تھا اک جو غمگسار چراغ

ہو دماغ تپ عشق زلف مین یون شاق
ہو جیسے گرمیکی رات تو نہین ناگوار چراغ

تمھاری زلف کا سودا ہوا ہے گل ایسا اُسے
حریر شعلہ کو کر ڈالے تار تار چراغ

یقین ہے آئے چکا چوند اُسے بھی مہر لطرح
جو بے نقاب تجھے دیکھے ای نگار چراغ

بہار بھی مری نظرون مین ہے خزان شب ہجر
جھڑے جو پھول مین سمجھا ہے اشکبار چراغ

فروغ شمع خو نہین نہ کیونکر اسکا ہو
و یار حسن دل افروز کا ہے یار چراغ

نشان دولت الفت ہے داغ سر میرا
جلاتے ہین سر بام اپنے مالدار چراغ

شب فراق بھر و نہین جو آہ گرم کوئی
ہوا مین اُڑتے پھرین صورت شرار چراغ

وہ نور حسن ہے تیرا کہ مثل پروانہ
فدا ہو شمع ترے چہرے پر نثار چراغ

[illegible]

شعلے کے اضطراب سے روشن تھا بزم پر
تیغ فروغ حسن سے بسمل ہوا چراغ

کرتا ہے پیش شمع رخ یار گر میان
پروانوں کو جلانیکے قابل ہوا چراغ

لالہ اُگا چمن مین تو مجکو یقین ہوا
روشن سر مزار عنادل ہوا چراغ

آہو نسے داغ دلکو ہوتا تھا کچھ فروغ
روشن ہوا مین گھر کا بمشکل ہوا چراغ

انگشت شعلہ بہر شہادت بلند کی
شب اُسکے نور حسن کا قائل ہوا چراغ

فانوس تک سے پرنے کیے تجکو دیکھکر
دیوانہ ایسا ہی مہ کامل ہوا چراغ

اُس مہوش کے پرتو نور عذار سے
ہے یہ مین رو کش مہ کامل ہوا چراغ

سمجھا مین نور خال ذقن اُسکا دیکھکر
روشن کوئی سر چہ بابل ہوا چراغ

بھڑکا یہ شعلہ حسن سراپاے یار کا
ہر رونگٹا فتیلہ ہر اک تل ہوا چراغ

لالہ شرر فشان وہ کیا شکوہ سمجھے لوگ
روشن میان کوچہ قاتل ہوا چراغ

بھلسا یا تھوڑا ہجر کی شب کیون جلا لائے
یان بھی جلانیکے لیے نازل ہوا چراغ

اُس شمع رو کا گرم نظارہ ہوا جو مین
جلکر حسد سے بیچ مین حائل ہوا چراغ

ذرے کو آفتاب سے دعواے ہمسری
اُسکے مقابلے کے بھی قابل ہوا چراغ

[illegible]

اب وہ نیش ہو اپنی فراموش ابھی اُسے	خورشید حشر اپنا اگر دیکھ پائے داغ
اُنمین کہان یہ سوزش ہے اور یہ تپک	لالہ نہ میرے داغون سے اپنے ملائے داغ
زاہد کو ہے جو صحبت رندانہ کی ہوس	توبہ کا اپنی دامن رندسے چھڑائے داغ
دم بھر یہان بسر نہوئی اپنی عیش سے	دست حنائی چرخ سے داغون پہ کھائے داغ
سینے کو میرے تختۂ لالہ بنادیا	انکی بہار مین تو ہزار رنگ لائے داغ
سوزش سے اسکی ہتی ہے سینے مین دل لگی	رہتا ہے ان دل نہین کوئی سوائے داغ
بھڑکا رہا ہے آتش فرقت کو سینے مین	ڈر ہے کہین نہ آگ کوئی اور لگائے داغ
ہو جلوہ گر خیال رخ آتشین اگر	مشعل ہمارے خانۂ دلمین دکھائے داغ

ف	دل میرا اور بلبل و لالہ کا ہے قلق پیدا ہوا ہے باغ جہا مین برائے داغ	ردیف

یہ مانگتا ہون دعا ہاتھ اٹھا کے سوے نجف	مرا غبار الٰہی ہو خاک کوے نجف
چلا ہون لیکے مین دنیا سے آرزوے نجف	رہیگی مجکو جنان مین بھی جستجوے نجف
آنکھون دلمین تصور ہے زلف حیدر کا	جہان در نجف ہو گیا ہے موے نجف

۹۲

[illegible]

[illegible]

یکایک اُٹھے تب غم کی کسطرح ایذا
کبھی ہوے ہین فصلی بخار سے واقف

خیال خط نہین آتا ہی دلمین بھولے سے بھی
خضر ہو نہین میرے دیار سے واقف

ہنوز عارض دلبر ہی گرد خط سے پاک
یہ آئنہ نہین اب تک غبار سے واقف

وہ ایک رات تو مجھسے الگ نہ سوئیگا
ہوا جو لذت بوس و کنار سے واقف

چڑھے گا جسپہ جن جان لیکے اُتریگا
نہین ہی نشۂ الفت اُتار سے واقف

وہ مست خواب ہی بلبل چمن مین شور نکر
نہین تو ناز کی خوے یار سے واقف

وہ ناتوان ہون مرگ سے لاغری کی بدولت
اجل نہین ہی مرے جسم زار سے واقف

ہم ابتدا ہی سے دل کا کہا نہ کرتے قلق
جو ہوتے عشق کے انجام کار سے واقف

۹۳

بُلے گا کون عاشق نادار کی طرف
سارا زمانہ آج تو ہی یار کی طرف

جن آنکھ سے لیا تھا دل اُسکو رہی آنکھ
حیرت سے دیکھتا ہون رُخ یار کی طرف

دربان کبھی جو روکے وہ نازک مزاج ہین
مُنہ کرکے سوئین ہم نہ دیار کی طرف

[illegible] سونگا کرو ابھی حساب
فاضل ہی کچھ ہمارا ہی سرکار کی طرف

[illegible]

[illegible] نشان نالہ ہوئے ہم غم فزون
بادشاہ ہون سے مقابل مین ہر جاہ عاشق
[illegible] مین ان سادہ رخون [illegible]
نہین جاتا ہے [illegible] نگاہ عاشق
کونسی بات کی معشوق سزا دیتے ہین
سنا کہ کیا ہی سے سوا کیا ہے گناہ عاشق
ای پری [illegible] مین مرا جان نزار [illegible]
نہین لا سکتا ہے وہ تاب نگاہ عاشق
زندہ در گور کیا دوری جانان سے ہمین
عاقبت گور بنا بخت سیاہ عاشق
عالم حشر کو کیا دیکے جلا دوگے ہر
کیون ستم کرتے ہو تم کو خدا کا بھی ہے ڈر

مصر مین ایک ہی سفت تھے مہانئی کبھو	لکھنو شہرہ ہے حسین ہین گھر گھر معشوق
کچھ نئی ہمسہ نہین کرتا ہے بیداد وہ شوخ	ستم و جور کے سبب ہوتے ہین خوگر معشوق
یون تو محبوب جفا کیش بہت ہین لیکن	کوئی مرضی کے موافق ہو تو ستمگر معشوق
عشق بازی پہ مری طعن نہ کرای واعظ	میرے اللہ کا ہے میر پیمبر معشوق
زہر و تریاق کی ہو آنکھ مین جسکی تاثیر	ابتک ایسا نہ چڑھا کوئی نظر پر معشوق

اگ پریزاد کو تسخیر کیا ہے جب سے
اپنے مشتاق قلق رہتے ہین اکثر معشوق

دلمین ہے اُنکے غم حال تباہ عاشق	بوتوش کعبہ بنا بخت سیاہ عاشق
دی ہے اللہ نے جن شوخ نگاہونکو کچھ آنکھ	آڑ لیتے ہین وہ لاکھون مین نگاہ عاشق
دل معشوق تو کیا تم بھی نا واقف ہو	عرش اعظم کو ہلا دیتی ہے آہ عاشق
قدردان جتنے ہین خوش چشم یہ حال اُنکا ہے	دیکھتے رہتے ہین ہر وقت نگاہ عاشق
انکو آتا ہے عیادت کو دم نزع تو آتین	کھوٹی یون وقت سفر کرتے ہین راہ عاشق
دور مین روز تصور کی لگی رہتی ہے	حال معشوق کا ہے پیش نگاہ عاشق

بحر ۹

[illegible]

[illegible]

دل

۹۵

دل ہی مجھ مست کا دیوانہ چشم ساقی
اس خرابات مین ہی جام بہ مینا عاشق

یاد کاکل مین شب ہجر سحر ہو کیونکر
تیرہ روزی پہ مری ہی شب یلدا عاشق

جام سان جو رہا کرتی ہی مستی مین مدام
جام ساقی پہ ہی کیا نشۂ صہبا عاشق

حال موسٰی کا نہین آنکھ سے دیکھا شاید
کسکے دیدار کا کرتے ہین تقاضا عاشق

جان پاجاتا ہی دو باتو نمین ہر دل مردہ
اس تکلم پہ ہی اعجاز مسیحا عاشق

تیری بازار محبت کا نرالا ہی چلن
سول لیتے ہین سر بیچ کے سودا عاشق

ہمسے مفلس کے لگے ہاتھ تو دکھلا مین مزا
مالدار ونپہ محبت ہی زن دنیا عاشق

طوطی گلشن اعجاز ہی تیرا خط لب
ہمتو کیا دیکھین تو ہون خضر و مسیحا عاشق

وہ ملے غیر سے تم اور حسین سے نہ ملو
جور معشوق کا لیتے نہین بدلا عاشق

چلنے والو نپہ نیرنگ جہان ناز کرے
مین نہ معشوق کسیکا نہ کسی کا عاشق

دل تو پروانۂ شمع رخ دلبر ہی مرا
سوز حسرت ہی مرے داغ جگر کا عاشق

فکر ملبوس ہی کیا آپکے عریانون کو
کبھی ہوتے نہین آلودۂ دنیا عاشق

ہمنے تو سیکڑون کو دل سے قلق پیار کیا
کوئی معشوق مگر اپنا نہ پایا عاشق

اب تک نہ سیرے سلنے کی پروائے ہو کوئی
رہتی ہی صید لو کی اُسے فکر ہر گھڑی

رکھتا ہی راہ عشق مین اک کبک گر قدم
وحشت جنون مین جلتے ہی دو ہی پہلے یہ صدا

پڑھتا ہی وہی تو نہین کلمہ ہر اک حسین
دیتا نہ جان الٹی چشمان یار پر

آتا ہو ننگ لیتے ہوے مجکو نام شوق
صیاد مرغ دل ہی گرفتار دام شوق

بسمل سے پہلے سیکھ لے طرز خرام شوق
دیوانگان عشق کو پہونچے سلام شوق

مانند معجزہ ہی ہمارا کلام شوق
ہوتی جو اختیار مین میرے لگام شوق

باقی ہی عشق رفتہ کا پیری مین بھی نشان
داغ دل و جگر ہین قلق نقش گام شوق

دیکھے جو اسکے شمع گلو مین ضیاے طوق
وحشت ہوئی ہی دیکھکے اُسکی اداے طوق

جنبش کرون جگہ سے تو زنجیر کھڑکھڑاے
ماہر جنون پنجۂ رنگین مین ہون بکمال

طفلی مین ای پری ترا دیوانہ ہون مجھے
پروانے کی طرح ہو مۓ تو فداے طوق

حداد ساتھ بیڑیونکے کیون نہ لاۓ طوق
نالہ کرون جنون مین تو گردن ہلاۓ طوق

درکار اُس پری کا ہی چھلا براۓ طوق
زیور کوئی پسند نہین ہی سواۓ طوق

۹۶

آخر ای چرخ تجھے ہونا ہی پامال و وال
لاشہ اُٹھ جائیگا تو روح رہیگی باقی
ذرے ذرے سے عیاں ہوتی ہی گردش سال
صحبت بلبل و گل کے ہی عبث تو درپے
آخر اس شعلہ مزاجی کی بھی کچھ حد ہی حضور
ایسا نہ کیجیے سر تن سے جدا کیجیے مرا
ہر سخن میں ہی کنایہ تو ہر اک بات میں رمز
سبز کر کشت تمنا مری ای ابر وصال
اہل نظر دیر میں کعبہ میں دکھلاوے جمال

دیکھیں رکھتا ہی بلند اپنی تو گردن کب تک
کیا بتاؤں تیرے گوچہ میں ہی مسکن کب تک
جذب دل لائیگا اُسکو سر مدفن کب تک
باغبان سبز رہیگا ترا گلشن کب تک
رہیگا غیر کے گھر کلیسے بدظن کب تک
خم رہیے تیغ کے مانند یہ گردن کب تک
سبزہ آغاز ہی صاحب تیرے لڑکپن کب تک
آتش ہجر جلائے مرا خرمن کب تک
بحث کرتے رہیں یہ شیخ و برہمن کب تک

قطعہ

اسد اللہ مدد کیلیے کافی ہین
حیلے روبہ کیطرح ڈھونڈھینگے دشمن کب تک

اس خاکسار کو یہ ہوئی ہی پسند خاک
برباد اس ہوا میں ہی روز چند خاک
ہوتی نہیں زمین سے ہرگز بلند خاک
روندے کبھی تو آکے تمہارا سمند خاک

[illegible]

دامن تلک اُسکے پہونچی ہر اُڑکر پس فنا
کس درجہ ہر قلق مری اقبالمند خاک

بارِ الم کے ہون متحمل کہان تلک
بوجھ اسقدر اٹھائیے اُٹھے جہان تلک

یوسف کا میرے مول بڑھیگا کہان تلک
بندے کو بھی عزیز نہین نقدِ جان تلک

اُس خوش نگہ کی گردش چشم سیاہ نے
پیسے برنگ سُرمہ مرے استخوان تلک

لاغر وہ ہون جو سایہ بال ہما پڑے
سایے بدن کی جو رہین ہڈیان تلک

کہنا کہ محو خال نے افیون کھائی ہر
لا دو اسی بہانے سے اسکو یہان تلک

مانند شمع سوز نہانکا ہر ایک حال
داغ جگر سے لیکے ہماری زبان تلک

کیونکر ہلالے جائینگی اب کوئی نکلے داد
اغیار سے گٹھے ہوے ہین پاسبان تلک

بدمست ہون وہ غنچے ہی جسنے کیا مین شاد
خود دعا نے خیر ہی پیر مغان تلک

آنسو تجھے نہ بلبل نالانے ایک دن
آئی نہ برق خندۂ گل آشیان تلک

ایسی گریز سب کو ہی مجھسے ہر طرح
آتی نہین قضا بھی ترے نیمجان تلک

جو رنگ کر چکے جگر و دل تو میری جان
تیغ ادا کے ناز اٹھاؤن کہان تلک

[illegible]

[illegible]

قدرت ایسی دی ہے حق نے آپکو گر چاہیے ۔ کیجیے ارض و سما زیر و زبر یا غوث پاک

صورت روباہ بھاگے سامنے سے شیر نر ۔ ہو سگ در آپکا گر حملہ ور یا غوث پاک

مائل پرواز اگر ہو آپکا باز جلال ۔ نسر طائر کے بھی کا نپین بال و پر یا غوث پاک

جن و انسان کیا میان مجلس وعظ حضور ۔ کون تھا جسکا نہوتا تھا گذر یا غوث پاک

یہ توکل تھا سوائے فقر و فاقہ آپنے ۔ عمر بھر دیکھا نہ سیم و زر یا غوث پاک

فاسق و فاجر تھا کیسا ہی ہوا کامل ولی ۔ پڑ گئی جسپر توجہ کی نظر یا غوث پاک

جن و انسان و ملائک سے بھی یہ ممکن نہین ۔ جو ریاضت آپنے کی عمر بھر یا غوث پاک

اولیا مین آپسا حاجت روا پایا نہین ۔ آنکھ اُٹھاکر دیکھتا ہو نہین جسپر یا غوث پاک

بعد ائمہ کے خدا نے اپنے بندونکے لیے ۔ ختم کی حاجت روائی آپ پر یا غوث پاک

آپکے خوان کرم سے کیا ملک کیا جن و انس ۔ کون تھا ہوتا نہ تھا جو بہرہ ور یا غوث پاک

فیض اسے کہتے ہین تھا یا جسنے امن آپکا ۔ آرزو بر آئی اُسکی جلد تر یا غوث پاک

غیر ممکن ہے وہ بھٹکے منزل مقصد کی راہ ۔ جس کسی کا ایسا ہو راہبر یا غوث پاک

جو شرف اندوز درگاہ معلی ہوتے ہین ۔ ہو نہ غبطہ کیونکر اُنکے بخت پر یا غوث پاک

سیر تھا نے بلبل و گل منھ چڑھ بیٹھے گئے کیا
مکر و نفاق عشق سے مدت تلک رہا
تا ہو تمیز لذت بادام و شہد مین
کس کسکو دو نہین سخت مصیبت مین جان ہی
کیا مہر و ماہ کیا گل و شمشاد آئینہ
یکتا تو وہ ہی مومن و کافر یہود و گبر
پائے نگاہ اہل نظر کے پڑے ہین بیل
آگے تو ساتھ رہتے تھے ہم بالسان یہ ب
انداز و ناز و غمزہ و شوخی و کجروی

دو لو لھو کر چکا ہو نہین قائل الگ الگ
مین دلسے اور وہ مجھسے مرا دل الگ الگ
بوسونکا چشم و لب کے ہون سائل الگ الگ
رخسار و زلف مانگتے ہین دل الگ الگ
سب ہو چکے ہین تیرے مقابل الگ الگ
وحدت کے تیرے سب ہین یہ قائل الگ الگ
رخسار ناز مین یہ نہین تل الگ الگ
رہتا ہی مجسے وہ کامل الگ الگ
ہین ایک میسے دم کے یہ قاتل الگ الگ

قبضے پہ ہاتھ رکھکے قلق نے ملائی آنکھ
کل ہر رقیب سے سر محفل الگ الگ

ردیف نون ۱۰۰

ہر گل کہان سے لائیگی ایسا بیان کا رنگ
وہ تیر ہو جو دیکھے رخ بتان کا رنگ
بلبل ہزار اڑ آئے مری داستان کا رنگ
کٹجائے شرم سے شفق آسمان کا رنگ

شب مہربان ہین عدو کی تمون ہی قمر کا
لکھا ہی کچھ فلک نے مزاج بتان کا رنگ
جلتا ہوا ہی یار کی سی کا ایک ... [illegible]
آنکھو مین چار ہو ... ارغوان کا رنگ
بلبل گل نفاق کا ایسا ... [illegible]
دائم شگفتہ ہی ... گلستان کا رنگ
اس باغ مین ہی ایک بہار و خزان کا رنگ
پھانی ہی ادو دی اودی گھٹا تو بھی سا ... [illegible]
وطلا ... زعفران کا رنگ
[illegible]

۱۰۱ انتخاب

لاکھا لبون پہ دیکھکے مجکو یہ شک ہوا	لاکھی ہی میرے یار کے درج دہانکا رنگ
ہستی کی ہم عدم مین بہت دہوم سنتے تھے	دیکھا وہان سے آکے عجب کچھ یہانکا رنگ
نیل آنکھونکا ڈھلا ہی نمائے دیدہ مین	بسطور کچھ ہی کل سے ترے نیمجانکا رنگ
صحرا سے عزم کوچۂ قاتل ضرور ہی	اب چند روز دیکھیے جاکر وہانکا رنگ

وصف مسی وہان عجب انداز سے کیا
محفل مین جم گیا قلق خوش بیانکا رنگ

ہنستو ہون دلسے دور ہین پاس اور لوگ	سونگھین گل عذار کی بو باس اور لوگ
واعظ ہمین ڈرانہ و فور گناہ سے	اسکے کرم سے ہوتے ہین بے آس اور لوگ
سودائے عشق یان تو ہی سر مین بھرا ہوا	نام جنون سے کرتے ہین وسواس اور لوگ
آزادگان عشق ہر اک حال مین ہین شاد	ہو نگے اسیر رنج غم و یاس اور لوگ
ہین سیر بوریائے توکل کے فاقہ مست	ہوتے ہین مضطرب غم افلاس اور لوگ
یان ہی فقط ہوس قدم و دندانکے دید کی	کھلاتے ہین اسکے ہاتھ پہ الماس اور لوگ
ہونگے ایک اپنا تمہارا ازل سے ہی	پوچھین بر ہمنو سے تو راس اور لوگ

گلزار مین ہر سمت گھٹا چھا گئی ساقی
غنچے مین گلابی مین بھرا ہی شفق مین پھول

خار اُسنے دیا مجکو تو یون پھول گئے غیر
مجذوم کا جسطرح سے جلتا ہی بدن پھول

آیا پئے گلگشت چمن جب وہ شہ حسن
بلبل نے تصدق مین لٹائے کئی من پھول

ہو گل جو ترے گوہر دندان کا پڑے عکس
بنجائین ابھی موتیے کے در عدن پھول

تو آج کی جا چاہیے کچھ شغل گلستان
بلبل سے کرین جبکہ جوانان چمن پھول

مہر رخ انور سے جو اُٹھین گے نقاب آپ
بنجائینگے سورج مکھی ای غنچہ دہن پھول

مجھ مست کو گلشن مین صبوحی ہو جو درکار
خورشید ہو ساقی شفق صبح چمن پھول

جب کرتے ہین سیر چمنستان مضامین
چن لاتے ہین گلچین کیطرح اہل سخن پھول

خوش چشمہ کی پڑتی نہین آنکھین گل تر پر
سنبل کے عوض چرتے ہین ای گل ہرن پھول

لکھی جو قصے رنگ طلائی کی صفت خوب
سونے کے لٹا دونگا دم فکر سخن پھول

چڑیا تری اُنگیا کی بھی بنجاتی ہی بلبل
محرم مین جو رکھتا ہی تو ای رشک چمن پھول

ہو گی نہ کبھی اُس لب رنگین کے مقابل
جس رنگ سے چاہی شفق شام مین پھول

کیون اتنا چمکتا ہی شب زلف مین ای گل
کیا صبح ہما گوش کا تارا ہی کرن پھول

[illegible]

لذتین تیغ کی یہ پائی ہین کہ سو بار ہون قتل
تیری تلوار کو رومال مین بھاری دونگا
واجب القتل وہ ہین سر ہین خمیدہ جنکے

زندہ کردے جو خدا تو دوبارا قاتل
سبکی سے سر اگر تن سے اتارا قاتل
تیغ ابرو کا تری ہے یہ اشارا قاتل

جیتے رہنے کی ندامت سے مؤا ہین ہمو ت
سخت جانی سے **قلق** جب مری ہارا قاتل

سامنے ابر مژہ کے جو ہین آئے بادل
ہجر دلدار مین ہر سمت جو چھائے بادل
چشم تر سے نہ مری آنکھ ملائے کہدو
ابر مردہ سے بھی بدتر نظر آئے مجکو
در گلزار یہ برسات مین سو بھی ہے وک
دون جو تشبیہ تری ابر سیہ سے اے گل
سرخی پانکی مسی پہ نظر آجائے بہار
ہے وہ برسات کہ دامن سے ولی زاہد کے

عرق شرم مین غیرت سے نہائے بادل
تو مری آہ کے جھونکون سے اڑائے بادل
آبرو اپنی بڑھا کر نہ گھٹائے بادل
فرقت یار مین گھر گھر کے جو آئے بادل
سیر ہے باغ کی دیوار جو ڈھائے بادل
چمن دہر مین پھولے نہ سمائے بادل
شفق شام کا عالم بھی دکھلائے بادل
کیا عجب لغ جو تقوی کا چھڑائے بادل

[illegible]

[illegible]

داغ پر داغ محبت کے سہے اُف بھی نہ کی
میری درماں سے ہی پرہیز جو اُس عیسی کو
اس گو کچھ نہیں جز درہم داغ سودا
سلطے دنیا کے بکھیڑوں نے چھڑایا مجکو

ہوگئی شہرۂ آفاق وفاداری دل
موت کے پاس تو ہی چارہ بیماری دل
سوز الفت ہی مگر گرم خریداری دل
لاکھ جانسے ہو نہیں ممنون گرفتاری دل

فائدہ ملتا ہی تریاق کا اس سم میں ہمیں
راحت جان ہی قلق درد گرفتاری دل

اللہ رے حسن صنعت دو قربانئے دل
ہو لطف وصل اُس پہ جو رونق فزائے دل
اوران جفا شعار حسینوں نے آئے دل
بھائی ازل سے اُنکو یہ دولت سرائے دل
دکھلائے جذب عشق میں کچھ کام آئے دل
شاید ہی کوچ قافلۂ عقل و ہوش کا
کشتے میں پیار کرنے پہ لوغش ہیں یہ مگر

وسعت میں بڑھکے عرش سے ہی تنگنائے دل
عشر تکدہ بنے ابھی ماتم سرائے دل
اپنے کیے کی آپ سزا کچھ تو پائے دل
کوئی مکان پسند نہیں ہو سوائے دل
اس وقت میں تو اپکے نسبت سے جدائے دل
آتی ہی میرے کام نہیں ہائے ہائے دل
اکی گرہ میں اور نہیں کچھ سوائے دل

[illegible]

[illegible]

مثل زمین ہو عالمِ بالا کو زلزلہ	پہونچین جو گوشِ عرش تلک نالہ ہائے دل
اشعار میرے کیون نہون پر درد اسقدر	موزون کیے ہین مین نے **قلق** نالہ ہائے دل

نہ کل تک تھے وہ منہ لگانے کے قابل	ہوے آج باتین بنانے کے قابل
تری بندگی اور سیہ کار مجھسا	یہ سر اور ترے آستانے کے قابل
لبِ زخم دلبر یہ ہی شور قاتل	تری تیغ کا پھل ہی کھانے کے قابل
نکلے صنم پیٹ سے پانون تمنے	ہوے جب کہین آنے جانے کے قابل
دلِ بوالہوس لائق داغ الفت	یہ درہم نہ تھے اس خزانے کے قابل
ان آئینہ رویونکی الفت نے ای دل	نہ رکھا ہمین منہ دکھانے کے قابل
یہان تو ہین کھٹکے چلو اس چمن سے	نہین یہ جگہ آشیانے کے قابل
پتنگے ہین گستاخ ای شمع پیکر	نہین تیری محفل مین آنے کے قابل
کوئی اس کے وزدِ حنا سے یہ کہدے	مرا نقدِ دل ہی چرانے کے قابل
کبھی خون مین میرے بھی ہاتھ تر کر	یہ مہندی ہی تیرے لگانے کے قابل

۱۰۵

[illegible]

ردیف میم

بدعہد اگر سمجھتے تو دیتے نہ دل کبھی
دم میں تمھارے آ گئے قول و قسم سے ہم

پاتے ہین ذرے ذرے مین اس مہر کا فروغ
ادنی کو بھی نہ دیکھین کبھی چشم کم سے ہم

جادو بیان ہین قہر غضب تیرے ہین چالیے
اس شوخ کو گھر اپنے لگا لائے دم سے ہم

اقلیم عاشقی مین سلیمان وقت ہین
تسخیر کرتے پریون کو نقش درم سے ہم

پامالون کا ہر پایہ افتادگی بلند
سیکھے یہ چال یار کے نقش قدم سے ہم

در وجفا سے ہوتی ہر چشم وفا کمال
رحمت بہت اٹھاتے ہین تیرے ستم سے ہم

بچتے رہے ہین ترک ملاقات یار سے
خوش چھٹکے ایک نہ ہوئے قید غم سے ہم

دلکو ہمارے الفت مژگان یار ہی
رکھتے ہین کام خنجر قاتل کے دم سے ہم

جب تک نہ دینگے بوسہ تریاق خال لب
جانبر نہونگے افعی گیسو کے سم سے ہم

کرتے ہین فیض بادہ سے سیر طلسم نشہ
جام اپنا کم سمجھتے نہین جام جم سے ہم

عشق میان یار نے مارا ہے بے گناہ
نالش کرینگے حاکم ملک عدم سے ہم

روز جزا کا خوف نہین کچھ ہمین قلق
پا مین گے خلد الفت شاہ امم سے ہم

ڈریہ ہی بیغامبر کا سر نہو تن سے جُدا | بھیجکر پچتا رہے ہین وصل کا پیغام ہم

جب کوئی نایاب ہاتھ آتا ہی مضمون دہن
اے قلق بیشک سمجھتے ہین اُسے الہام ہم

صاف باتون سے ہو گیا معلوم
ہوتے ہو مطلب آشنا معلوم

کشتۂ تیغ نگہ سے کیجیے گا
چشم و ابرو سے ہو گیا معلوم

ابتدائے محبت دل کی
یہ نہ تھی ہم کو انتہا معلوم

کچھ دہن ہی نہین ہی وہ ناپید
کمر یار بھی ہی نا معلوم

دور تک اُس کے مری رسائی ہو
تجھ سے اے بخت نارسا معلوم

جب کہا رو کے تجھپہ مرتے ہین
ہنس کے بولا وہ بُت خدا معلوم

مہربان آج کل ہی وہ نے مہر
اسمین ہوتی ہی کچھ دغا معلوم

تم سخن ساز ہو بڑے اے جان
طرز تقریر سے ہوا معلوم

جب معمے مین ذکر وصل کیا
بولا مطلب نہ کچھ ہوا معلوم

بدگمان وحشتِ در سے واعظ ہو
ہم کو ہوتی ہی پارسا معلوم

قدر اپنی نہ جہان میں ہوئی باوصف کمال — صنعت بوئے گل اس باغ میں برباد ہیں ہم
شکوہ کرتا ہون تباہی کے تو فرماتے ہین — خانہ بربادی عشاق کی بنیاد ہین ہم
جان نثار و نسے ہی تیغ نگہ یار کا قول — دم مین لاکھون کو کرین قتل و جلاد ہین ہم
ہم شکایت نہین کچھ کرتے تمھین منصف ہو — واجب الرحم ہین یا قابل بیداد ہین ہم
ہم سمجھتے ہین پڑھائی ہوئی باتین کرد — طفل مکتب ہو تم اے جان ابھی استاد ہین ہم
گیسوئے یار کے سودے کیا خانہ خراب — کیا ہوا خوہی صیاد مین برباد ہین ہم

ردیف — آج ہوتی ہی قلق قطع امید دیدار / نگران اسلیے سوے رخ جلاد ہین ہم — نون

کرینگے ہمسے وہ کیونکر نباہ دیکھتے ہین — ہم انکی تھوڑے دنون اور چاہ دیکھتے ہین
گمان قاصد گم گشتہ ہمکو ہوتا ہی — کبھی جو کوئی کبوتر تباہ دیکھتے ہین
تمھاری آنکھونکے کشتے بڑے مبصر ہین — یہ خوب اصالت تیغ نگاہ دیکھتے ہین
مزا اڑا تو زمانے کی سن نہ واعظ کی — کہین کریم بھی ہو دل گناہ دیکھتے ہین
یقین ہوتا ہی برگشتگی قسمت کا — پھری ہوئی جو تمھاری نگاہ دیکھتے ہین

صفائے حسن جاناں حیرت افزائے زمانہ ہی	جوانی کیا جلا کر دیتی ہی آئینہ رو مین
اٹھون تا روز محشر سرخرو کشتون قاتل کے	لحد مین چھوٹی مہندی اُنکی کھنا سے پہلو مین
کریگا باندھکر اُلٹا دھڑ اچھیا دقید اُسکو	زر گل تو لیگی بلبل جو نظرونکی ترازو مین
ہی شہرہ قاف سے تا قاف ہم جا دیہانونکا	وہ انسان ہین جو بلاتے ہین پریزادونکو قابو مین
ہدف وہ ہون کہ اُٹھا دردِ دل تعظیم کی خاطر	جب آیا ناوکِ قاتل جگہ دی مین نے پہلو مین
بیابان گرگ ہون ہمسایہ تیرے ہمدرد کا ہوگا	مرا مرقد بنایا تربت مجنون کے پہلو مین
وہ ہون آزاد عشق قدلگا کر باغ مین بستر	قفس قمری کے لٹکائے گئے سرو لب جو مین
دل سوا زدہ پہ میرے اکھ اُسکی نہین پڑتی	زر داغ جنون تلتا ہی نظرونکی ترازو مین
ہوا مین پائچے نکلے ہی اثر باد بہاری کا	صدائے خندۂ گل ہی نری جوتی کے گھنگرو مین

مبارک دیر و کعبہ ہون **قلق** شیخ و برہمن کو
بچھائین گے مصلا جا کے ہم محراب ابرو مین

کیا جب ضبط گریہ فرقت ساقی مین	نکل آئے برنگ شیشۂ می اشک آنکھو مین
ہوے مین انقلاب عشق سے سب اپنے بیگانے	مرے قابو مین دل تھا پہلے اب ہی اُنکے قابو مین

۱۰۵

امان چاہن نہین پاتے ہین کشتۂ دیدار — تمھاری تیغ نگہ کی کہین پناہ نہین

عبث ہی غفلت طفلانہ چونک ای غافل — یہ مہد دو جہان بہر خوابگاہ نہین

وہ خوش نصیب ہین جو ہین بسلہ رنگ حنا — چھوئین وہ پانون ہمین اتنی دستگاہ نہین

ہین یوسف دل گم گشتہ کی تلاش مین ہم — نہ جھانکہ آیا جسے کوئی ایسا چاہ نہین

وہ ایسا قاتل بیرحم و بے مروت ہی — کہ اسکی تیغ کے قبضے مین بھی پناہ نہین

تمھاری آنکھ سے کب ہو وہ اُنکو نصیب لگا — ہرن اگرچہ مین خوش چشم خوش نگاہ نہین

طریق عشق مین ہی جابجا نشیب و فراز — جو قطع تیز روی سے ہو یہ وہ راہ نہین

فرد ون حصیر توکل ہی تخت شاہی سے — کُلاہ فقر کم از تاج بادشاہ نہین

مرے کریم کی رحمت ہی بیحساب ای شیخ — نہو جو عفو وہ ایسا کوئی گناہ نہین

نہین ہین قابل تکلیف شرع دیوانی — زمین شور سے سلطان بھی باج خواہ نہین

اس آرزو پہ ہوا خاک بھی مگر ابتک — مرے غبار کو دامن سے اُسکے راہ نہین

کرونگا عرض دم پرسش عمل اتنی — ترے کرم سے زیادہ مرے گناہ نہین

ضرور چاہیے عاشق پہ شفقت معشوق — گدا نواز نہو جو وہ بادشاہ نہین

بہار عیش ۱۱۱

یون شب وصلت ہے ہر شب القدر ملتی نہین | جیسے صبح عید سے کوئی سحر ملتی نہین
سب تو قد سرو باغ نو امین فلک منصف تو ہو | ہے مردے کو زمین بالشت بھر ملتی نہین
ہما سا عاشق قسمتونسے پاگیا ہو قدر کر | جنس ایسی کار معرفت ای مفت بر ملتی نہین
خوب دیکھا خوب ڈھونڈھا سوائے لکھنو | کوئی بستی صورت آباد ای نظر ملتی نہین
ہم بھی غیرونسے عوض لے لیتے لیکن کیا کرین | چار دنکو بھی حکومت اسقدر ملتی نہین
دم بدم اٹھتے ہین شعلے دل سے ہجر یار مین | اک نفس آسودگی مثل شرر ملتی نہین
جان عالم ہو مرا سلطان عالم ہو قلق | حسن کی دولت کیسکو اسقدر ملتی نہین
سمجھکر جو بدنام گلگشت چشم مست کا | آنکھ نرگس کی بھی گھڑیون چھپ کر ملتی نہین
شام کو نسبت سواد زلف دوتا سے نہین | صبح نور روئے اقدس سے سحر ملتی نہین
گوہر دندان عالی کی کہون کس منہ سے صفت | مجھکو کلی کے لیئے آب گہر ملتی نہین
گو مشابہ چشم اقدس سے ہے کچھ آہو کی آنکھ | پر یہ چتون یہ لگاوٹ کی نظر ملتی نہین
نور گرد رہ سے جھمکے چاندنی بھی گر رہی | نقش پا سے بھی قرص شکل قمر ملتی نہین
اسقدر رعب عدالت شہ کا ہے نہان تو کیا | شیر کی روباہ سے بھی اب نظر ملتی نہین

اچھا نہین ہی غیر و نکا مجمع مکان مین
مطعون ہو بچاؤ کہین تم جہا نہین

پردے ہماری آنکھو نکے کرین بیب تھے
بھالر مژہ کی چاہیے تھی نہا نہین

مانند برق کوندتی ہوا بر زلف مین
اے جان صاعقہ ہی کہ بجلی ہی کا نہین

اُس طفل کی جو دھیا نہین تھی توتلی زبان
ہنگام نزع ہو گئی لکنت دہا نہین

گتا ہی جب بہار مرا غیرت چمن
لیا سے پھول جھڑتے ہین ایک ایک تا نہین

قاتل ہمارا جیتے جی ہوتا نہ فیصلہ
پڑتی نہ تیری تیغ اگر درمیان مین

میخوار دنکے ہجوم سے ہی تنگ مئفروش
شیشو نکو بھی جگہ نہین ملتی دکان مین

لکھا جب اپنی آبلہ پائی کا ماجرا
چھالے پڑے ہزار قلم کی زبان مین

مر مر گیا مین ابروے پرخم کو دیکھ کر
کیا تیر کا ہی توڑ تمھاری کمان مین

ایفاے وعدہ کرکے ہمین تو جلا لیا
اے جان تم جو آئے تو جان آئی جان مین

خود بینی آج کل ہی یہ مد نظر انھین
دیکھو کہ آئنہ ہی جڑا خاصدا نہین

جلتے ہین میرے شعلہ آواز سے رقیب
مانند شمع رکھتا ہون آتش زبان مین

اے جان جان یہ شہر پرواز حسن ہی
چھالا نہین ہی موتیو نکا تیر سکا نہین

مطلع غنیمت ۱۱۲

زلزلہ آجائے ہو جلے تہ و بالا زمین
مین اگر ای آسمان آمادۂ فریاد ہون

کون تجھسے بڑھکے ہی مشکلکشائے دو جہان
تیرے ہوتے غیر سے مین طالب امداد ہون

دم سلامت طفل اشک خونکا دنیا مین رہے
چار مین کہنے کو تو مین صاحب اولاد ہون

چاہتا ہون کہ میری تربت کا بنا ہو ربے کمال
کشتۂ انداز خوبان ستم ایجاد ہون

کہتے مین کیا ہی حسینون ہی مین میرا ذکر حسن
جشنیہ یان جان دیتی ہین وہ آدم زاد ہون

لاکھ یہ کھوٹے کرین مجھسے کھرا بن ایرتقلق
دم مین آنکھو مین پرکھ لیتا ہون وہ نقاد ہون

سمائے حسن کے خورشید انور جان عالم ہین
ضیا بخش رخ مہرماہ پیکر جان عالم ہین

خدا خود نا خدائے کشتی اقبال عالی ہے
جہاز بندگان حق کے لنگر جان عالم ہین

ہر اک نقش قلم ہی آشیان مرغ سعادت ہی
ہمائے اوج اقبال سکندر جان عالم ہین

منور بزم عالم شعلۂ رخ سے ہو کیو نکر
کہ شمع محفل مہرماہ پیکر جان عالم ہین

فروغ نام جام زر برو ایسو نکے ہوتا ہی
سپہر بخشش و ہمت کے اختر جان عالم ہین

ملاحت اسک نمک پروردہ سرکار عالی ہی
صباحت مین سمن رو سیمبر جان عالم ہین

محتسب کے ہاتھ سے تنگ اسقدر رہین اہلِ قلق
آئے ہین نالش کو سب میخوار قیصر باغ مین

پنہان بھی ہے وہ رخِ روشن نقاب مین
رعشہ مگر پڑا ہے تنِ آفتاب مین

ہے جوشِ بحرِ اشک کا چشمِ پُر آب مین
دریا مین ہے حباب کہ دریا حباب مین

لب ہے شرابِ بحر جہانِ خراب کو
دیکھا ہو ابھری ہے داغِ حباب مین

معشوقِ شرمگین یہ کیون نکلے اپنی جان
بیباکیون سے لطف سوا ہے حجاب مین

اس عشق سے بچا نہین کونین مین کوئی
انسان تو کیا فرشتے پڑے ہین عذاب مین

نے اذن کوئی گھر مین ہمارے نہ آنے پائے
دربان کو یہ حکم دیا میرے باب مین

دریا پہ بہر غسل گیا جب وہ آفتاب
آنسو بھر آئے دیکھ کے چشمِ حباب مین

اُسکے رخِ صبیح سے دعویٰ ہمسری
منہ دیکھے صبح آئنہ آفتاب مین

تب قائل کرامتِ پیرِ مغان ہے شیخ
قاضی کو حال آئے جو بزمِ شراب مین

جام جہان نما سے نہین کم یہ نیند بھی
دُنیا کی سیر کرتا ہے انسان خواب مین

مجروح ہو کے مست محبت سے ہوا
تلوار کیا بجھائی تھی قاتل شراب مین

[illegible]

رہ توفگن ہے آئنے مین یون رخ حبیب	پڑتا ہے عکس ماہ کا جس طرح آب مین

پیری نے ہمسے سب کا عوض لے لیا قلق
جو جو مزے اٹھائے تھے عہد شباب مین

دل ہے ملول یار در رخ بے نقاب مین	الکتا ہے لعل خون جگر آفتاب مین
کیونکر نہ غصہ تیز ہو اُنکا شباب مین	ہوتی بہت ہے جوش سے تلخی گلاب مین
دل ہے امید وصل سے کس پیچ و تاب مین	گو خضر اسیر ہو گئے دام سراب مین
ہجر سے جو ستارہ بجلے اُدھر مہروش	جلسہ ہو جاتا ہے بگ کا قصر حباب مین
لاکھون بنا دیا ہے گرد نے مین اُنکے ہین	ملتا ہے کیا ہی لطف صنم کے عتاب مین
کیا شوق دید نشتر مژگان بیان کرون	مانند نبض ہے رگ جان اضطراب مین
کب تن جلون عشق مین ہوتی ہے چشم تر	گریان ہے جیسے کہ ہے خامی کباب مین
ورنا نہین کسی سے مزہ عاشقی کا مست	مستی ہے فعل مست کی کیا اس شراب مین
خوش صبح سے ہو گشتہ رنگ صبح کیا	پروانہ شاد ہو نہ شب ماہتاب مین
ہم رند مشرب ہین نہین خوف باز پرس	یکسان ہے اپنا حال خطا و صواب مین

۱۱۵

[illegible]

خاک اپنی بعد مردن بھی اڑا دی طلب مین
ہر دل زیادہ گیسو ہر پر خطر نہایت
شبہ العنب کی فرقت دلکو نہین گوارا
برباد کر رہا ہی کیون میری خاک ظالم
سبکو ہی پاس مہمان تو دلکو لوٹتی ہی
غیرون نے سب اٹھا بھی ہوتے نہین کبھی وہ
اے ماہ مصر خوبی آگے تھائے کچھ بھی
وہ برق حسن مسی ملتے مین ہنس رہا ہی
معشوق کی تواضع عاشق کو نفع کردے
وہ آفتاب تابان آیا ہی کس چمک سے
چھوڑا دیا ہی یار پہلی منزل ہی مین بیچ ہی

رنگ ان کی صورت ہر وقت ہی سفر مین
لٹ جاتے ہین مسافر اکثر اسی سفر مین
ہونٹ لگی ہوئی ہی آٹھون پہر کمر مین
کیا فائدہ فلک کا ہوگا مرے ضرر مین
اف یہ اندھیر ہی ترے ہی گھر مین
آگے تو آہ میری مشہور تھی اثر مین
حسن جناب یوسف جچتا نہین نظر مین
بجلی چمک رہی ہی دامان ابر تر مین
لب خشک ہین صدف کے گو آب ہی گہر مین
ساقی بہ مجھے صبوحی دے تو بھی جام زر مین
سب حال دوستی کا کھل جاتا ہی سفر مین

حال دل قلق کیا ہر بار پوچھتے ہو
جسکی نہین دوا کچھ وہ درد ہی جگر مین

سیر کرتے اُسے دیکھا ہی جو بازارون مین
مشورے ہوتے ہین یوسف کے خریدارون مین

چاہتے ہین کہ کوئی غیرت دست ہنین جائے
کسقدر کھوٹے کھرے بنتے ہین بازارون مین

دو قدم چلکے جو تو چال دکھاوے اپنی
ٹھوکرین کھاتے پھرین کبک بھی کہسارون مین

خون عشاق سے لازم ہی یہ پرہیز کرین
کہ شمارہ آپکی آنکھون کا ہی بیمارون مین

شیخ کعبہ ہو دیا برہمن بتخانہ
دیکھ ہی در کے یہ دونون ہین پرستارون مین

دیکھیے کتنے خریدار ہین کیا اٹھتا ہی
جنس دل بھیجکے منگوائی ہی بازارون مین

فصل گل آئی خزان بھی ہوئے گلزار مگر
طائر دل ہی ہنود لٹکے گرفتارون مین

سیر کیواسطے نکلا جو وہ شاک یوسف
بند رستے ہوئے ٹھٹھ لگ گئے بازارون مین

یہ نیا یار کی سرکار مین دیکھا انصاف
بے گنہ بھی گنے جاتے ہین گنہگارون مین

کہین ڈھونڈھے سے بھی ملتے تھے نہ ارباب کمال
جن ڈھونڈھن قدر شناسی بھی خریدارون مین

تیغ قاتل کے گلے ملتے ہین خوش ہو ہو کر
عید قربان ہی محبت کے گنہگارون مین

کسی دہن سے نہ اٹھا ہوئی صحبت گل
اس ضعیفی مین ارا اپنا ہی ان خارون مین

قلق اثبات وہن منھ کے نہ کھلوائے کبھی
ہر ٹرٹی ت گر بات رہی یارون مین

۱۷۱ آتش

آویز کا اُسکے کوئی مقرر نہین ہے دن
آئے گا ایک بار کہین سال و ماہ مین

یہ چھینا گلی مین اپنے حسینون نے نقدِ دل
لوٹا ہے رہزنون نے مسافر کو راہ مین

کرتی ہے قتل بانکی ادا اُسکی خلق کو
بیٹھا لگا ہے تیغ کا تیری کلاہ مین

لڑتے ہین اُس سے آنکھ فلک تجھے حباب وار
بحر قضا کا گھاٹ ہے تیغ نگاہ مین

دل آ گیا وفن پہ تری یک بیک مرا
گرتا ہے کوئی دیدہ و دانستہ چاہ مین

خوش چشم تو وہ ہے کہ غزالان ختن و چین
آتے ترے سماتے نہین ہین نگاہ مین

ہے شور آمد آمد قاتل جو دیر سے
ہنگامہ جان نثارونکا ہے قتل گاہ مین

کیا تجکو حفظ زیست ہے اتنا تو پوچھتا
ہوتی اگر خضر سے ملاقات راہ مین

اے سرو قد گیا ہون پئے سیر باغ جب
لپٹا ہون ہر شجر سے ترے اشتباہ مین

خورشید و ماہ کی بھی جھپکتی ہے اکثر آنکھ
ذرونکی وہ چمک ہے تری گرد راہ مین

آتا ہے او شکار فگن گر تجھے تو آ
امیدوار صید ہین نخچیر گاہ مین

سیمندر اُسکی آنکھ مین دیتا ہے یون کباب
جیسے دھنک نکلتی ہے ابر سیاہ مین

غفلت یہ ہے کسیکو نہین قبر کا خیال
کوئی ہے فکر نان مین کوئی فکر جاہ مین

۱۱۹

ابتر یہ ہو نہ جائے کہیں خوف ہے کمال
رخنے ہیں طفل اشک کو اس کے نگاہ میں

قطعہ

ہم صاف دل ہیں صورت آئینہ ہو
سب نیک و بد ہیں ایک ہماری نگاہ میں

آراستہ ہیں عشق میں گل سرو سمن میں
شاید چمن آرا کوئی وارد ہے چمن میں

بیہوش ہیں اک چشم خماریں کا میں ساقی
مُنہ دے قدح نافۂ غزالان ختن میں

پوچھا جو نکیرین نے تو شرم عمل سے
مُنہ ڈال دیا میں نے گریبان کفن میں

خجلت سے ترے آگے سفید ایسا ہوا ہے
اک بوند لہو کی نہیں لالے کے بدن میں

صیاد نے کی ایک نئی طرح کی بیداد
لٹکایا قفس لاکے سر نخل کہن میں

اُلفت ہے بہت انکی کنوئیں مجھکو جھکا کے
جی چاہتا ہے ڈوب کے ان چاہ ذقن میں

سنتے ہیں سرا ہمسری کی قد کی وہ دینگے
شمشاد چُنے جائینگے دیوار چمن میں

دیکھا دم گلگشت تو نقاش ازل نے
رنگ اُسکا بھرا پھر کے گلہائے چمن میں

پہنچائیگا منزل پہ کڑی دیکھ کہاں ان
کچھ زاد سفر باندھ لئے ہاں کفن میں

وہی ہجر سے قامت سے کسی نے انھیں تشبیہ
سو جھک کے اکڑتے نہیں شمشاد چمن میں

کبھی نہ ہم نے آتش کی دیکھی یہ حیرت ہے
پر زادو سے کیونکر ہم آدم زاد کرتے ہیں
سخن دیوانہ ہے دم قدم سے رونق زندان
جنون میں خاک پر اُڑ کر تو آباد کرتے ہیں
اثر کو قدر نعمت ہوئی ہے بعد زوال اکثر
فصیحی میں بہت عمد [illegible] یاد کرتے ہیں
نقشے میں اُٹھا سکتے ہیں لیکن روبرو ہی کی لذت
ہمیں اصلاح دلکو شاد کرتے ہیں
انسانہ وہی [illegible] شور نالوں کا
بہار آئی ہے غل زنجیر کا ہے [illegible]
گئے ہیں ہمسفر زندان جنون آزاد کرتے ہیں
الگ اُن سے جب ہمراہ دیوانہ صحرا میں
اگر الفات [illegible] کا ارشاد کرتے ہیں
خرابات مغان کو [illegible] آباد کرتے ہیں
فرشتہ ہم [illegible] اوصاف کے یاد کرتے ہیں
قلق ہم [illegible] [illegible] ترا جو کو [illegible]
مسیحا [illegible] جو [illegible] دیتے ہیں [illegible]

تو ہی منصف ہے موقت عاشق کو کوئی اشنا سا نا جو		تجھی سے ہم ترے بیداد کی فریاد کرتے ہین

قلق ایسے ہوئے ہین ہم فراموش اُنکی خاطر سے
کبھی بھولے سے بھی ہمکو نہین وہ یاد کرتے ہین

ستم وہ طرفہ کرتے ہین نئی بیداد کرتے ہین
اسیر اُنکو کرتے ہین ہمین آزاد کرتے ہین

بہار آئی ہے مشق نالہ و فریاد کرتے ہین
مدرس ہے جنون اپنا سبق ہم یاد کرتے ہین

قلق جب دوستان رفتگا نکو یاد کرتے ہین
مآل کار اپنا سوچکر فریاد کرتے ہین

بتونکے جو رسے نالے جو ہم ناشاد کرتے ہین
تڑپ اُٹھتے ہین ساکنان عرش تک فریاد کرتے ہین

وہ ہمکو بیچکر گلشن مین گلچین سے اڑاتے ہین
قفس مین ہم تڑپتے ہین برے صیاد کرتے ہین

کوئی مجھسا نہو گا کشتۂ ناشاد عالم مین
تاسف نوجوانی کا مری جلاد کرتے ہین

سمجھتے ہین جو دیوانہ مجھے اُنکی پسند اونکا
تکلف برطرف ہین ہیر پرس جلاد کرتے ہین

الٰہی شکر نالون نے اثر اتنا تو دکھلایا
وہ لکھ کر نام لیتے ہین جو ہم فریاد کرتے ہین

مرے نالونسے تنگ آئے ہین ایسے میرے ہمسائے
شب الیمین مری جا جاکے سب فریاد کرتے ہین

نہین دیکھا ہے شاید اُس سہی قامت کو گلشن مین
یہ دعوی اسقدر کیا شمشاد کرتے ہین

۱۲۰

[illegible]

دل

دل ناشاد قلق کو بھی کبھی شاد کرو
اے شہ حسن فقیرون کی دعا لیتے ہین

رات رو رو کے ہجر مین بے نور آنکھین ہو گئین — رخنہ فتنہ صورت ناسور آنکھین ہو گئین
ضعف سے طاقت گئی بے نور آنکھین ہو گئین — دست و پا بیکار ہین معذور آنکھین ہو گئین
فرقت ساقی مین مژگان دار رست تاک ہین — آنسوؤن سے خوشہ انگور آنکھین ہو گئین
کن نشیلی انکھڑیون سے لڑ گئی گلشن مین آنکھ — نرگس شہلا کی کیون مخمور آنکھین ہو گئین
بحر کی کشتی قد خم گشتہ میرا بن گیا — اشکون سے طوفان اٹھا تنور آنکھین ہو گئین
آرسا فرقت مین لان ہر مرے نار نگاہ — دیکھ مطرب کاسہ طنبور آنکھین ہو گئین
دیکھکر مین گر پڑا غش کھا کے موسی کیطرح — میری خاطر اسکی برق طور آنکھین ہو گئین
لوٹ لیتے ہین متاع دل ہر اک انسان کا — اسلیے رہزن تری مشہور آنکھین ہو گئین
شانہ ہاے چشم مین یہ سیمبر رہنے لگے — ہم فقیرون کی تو ذی مقدور آنکھین ہو گئین
دیکھکر آنکھین تری پیدا ہوا آزار دید — شکل نرگس میری بھی رنجور آنکھین ہو گئین
صورت مژگان پھری آتی ہین کیون او مست ناز — حسن کی دولت سے کیا مغرور آنکھین ہو گئین

اُسکے بوسہ نہین ہوا ملتا ہے گسد رجہ قلق
لب شیرین نہین منت مین شکر پارے ہین

اور بھی پیاری نظر آتی ہین پیارے آنکھین — نشے مین جو ہین لو آج تو بارے آنکھین
گو کیا کرتے ہین غمزۂ چشمی کا دعوا آہو — آنکھین کھل جائین جو دیکھین تری پیارے آنکھین
کہکشان مانگ ہے شب زلف ہی ہے بر ابرو ہلال — رخ جو ہے چاند کا ٹکڑا تو ستارے آنکھین
تیرے دانتون کا تصور جو رہا پیش نظر — رات بھر ہجر مین گنتی رہین تارے آنکھین
نیچی نظرون سے مجھے دیکھتے ہین وصل کی شب — اونچی کرتے نہین وہ شرم کے مارے آنکھین
کبھی مجکو کبھی غیرون کو لگا دیتے ہین — خوب سیکھین ہین لگاوٹ کے اشارے آنکھین
دیکھو تو صاحب بینش نہین ہوتے خود بین — اپنے کر سکتی نہین آپ نظارے آنکھین
تو وہ خوش چشم ہے ہو دیدۂ نرگس بھی نثار — تیری آنکھون پہ ہرن صدقے اتارے آنکھین
محض نادان ہین تجھسے جو کرین ہمچشمی — چشم انصاف سے دیکھین تو چکارے آنکھین
پھوٹ جائین ہین غیرون کی آکی آنکھین — نظر بد سے جو دیکھین تری پیارے آنکھین
اے قلق ہاو نہ وہ ماہ جو نستان چھیڑ کے — دیکھنے کے لیے بنجائین ستارے آنکھین

۱۲۳ نظم غزل

وحشت ہوا سے سیر سے ٹری ہوکے بھاگتی
دو ہوتے ای پتنگ جو شمع لگن کے پاؤن

خاک چمن پہ پاؤن جو رکھین بہار مین
قمری کیطرح سرخ ہو زاغ و زغن کے پاؤن

قدرت خدا کی بے سر و پائی پہ یہ ستم
نے ہاتھ ہین نہ سر ہی نہ چرخ کہن کے پاؤن

دیکھا جو تیرا ہاتھ تو یہ مرتبہ ملا
بت بتکدہ مین چومتے ہین برہمن کے پاؤن

ہاتھون نے میرے ہتا ہی جگر مین رات دن
دست جنون مرے ہوئے چرخ کہن کے پاؤن

نقش قدم پہ سیمے اگر پاؤن یہ دھرین
مانند کبک سرخ ہون زاغ و زغن کے پاؤن

لیجائین کیمیا گر اُسے ہاتھون ہاتھ ابھی
رہ ندین ہماری خاک جو اُس سیمتن کے پاؤن

بیٹھا یہ پاؤن توڑ کے نقش قدم کیطرح
اُٹھے رہ طلب مین نہ مجھ خستہ تن کے پاؤن

آنکھون پہ دیکھکر وہ بھوین غضب سو بھی ہی
پھبتی کہون کہ نکلے ہین سر پر ہرن کے پاؤن

غیر دنگا ہاتھ مین پھر فتنہ سیر چہر
نکلے ہین فتنہ پھر اُس کم سخن کے پاؤن

رستی کسے ہے عاشق زلف دراز ہون
مشتاق بیٹر ہو سے وہ ہین رسن کے پاؤن

قیمت بڑھائی اور بھی مہندی کے رنگ نے
سونے کے ہوگئے ہین مرے سیمتن کے پاؤن

گلگشت کیا نسیم چمن کی اُڑائی ہم
ہین بے صدا خرام مین اُس کم سخن کے پاؤن

خال سیہ سبزۂ خط سے نہین عیان	دہقان زنگبار کا مسکن ہے کشت مین

مین اک پری کا دیکھنے والا تھا اے قلق
حورونکو آنکھ اُٹھا کے نہ دیکھا بہشت مین

کو مین کے مرنے مین جی ہی سرنوشت مین	پریان اگر ستیان ہین تو حورین بہشت مین
بیفائدہ جھگڑتے ہین یہ شیخ و برہمن	کعبہ مین کیا ہے جو کہ نہین ہے کنشت مین
بعد فنا بھی یہ دل سوزان ہے اپنا گھر	دوزخ بغل مین لے کے چلے ہین بہشت مین
ہمسا کوئی جہان مین نہین ہے الم نصیب	آئی کبھی خوشی نہ دل غم سرشت مین
حیران وہ ہین جائینگے دیوانے آپکے	پلٹینگے چاک کرکے چلے بہشت مین
تاثیر دیکھو عشق بتان ملیح کی	لونی لگی مزار کی اک ایک خشت مین
طوبائی قد یار کی دھن مین ہین محو آہ	جھنڈا اگڑا ہوا ہے ہمارا بہشت مین
دلمین کیا جو اُس لب جانبخش کا خیال	آب حیات ہمنے دیا اپنی کشت مین
زاہد تجھے بھٹکنے نہ دین گے گناہگار	سب بند و بست ہوگا انھین کا بہشت مین
سوز درون ہے خرمن دل کا نگاہبان	پالا ہے ہمنے برق کو واان کشت مین

[illegible]

کسطرح تڑپون تہِ تیغ دم قتل ای شوخ
ادب من جلاد کرون یا نہ کرون

اس سہی قد کی محبت مین ہی کچھ کا حال
ذکر قمری کا شمشاد کرون یا نہ کرون

صدمہ بے پر و بالی سے قفس مین صیاد
لطف پرواز چمن یاد کرون یا نہ کرون

قصر ہستی کو کہین صبح نہ رون پھونک نہ دے
ضبط آہ دل ناشاد کرون یا نہ کرون

پھر کبھی سوے قفس بھولے سے بھی آ نہ پھرا
شکوہ غفلت صیاد کرون یا نہ کرون

کیون نہ تیشے سے سر کوہ رقابت کاٹون
رنج بے عقلئے فرہاد کرون یا نہ کرون

بیڑیان بھاری پہننا ہی بہار آتی ہی
پہلے سے خاطر حداد کرون یا نہ کرون

پھر گھڑی صحبت ہمن مین زبان گیری کر
بات بھی وستم ایجاد کرون یا نہ کرون

محو یاد لب رنگین ہون عوض اشکوں کے
حسرت خمسن دل ناشاد کرون یا نہ کرون

دل دیوانہ کو الفت سے جفا دیکھا ہی خوف
کوئی تسخیر پری زاد کرون یا نہ کرون

نہ خنجر بھی فلق فرصت نظارہ نہ دی
غم بے رحمی جلاد کرون یا نہ کرون

زبان دانان عالم کا کیا ہی امتحان برسون
زبان غیر کیا آتی نہین اپنی زبان برسون

[illegible]

وہ دیوانہ ہون وحشی جانور تک سُننے آتے ہین
دہن میرے حبیب کم سخن کا تنگ ایسا ہے
مرا قصہ بہار میرے لبِ اب کئی دن سے
زبان حال سے ظاہر کی اُلفت میرے عالم پر
سبک روحی نے رکھا خانہ بدوش ایک مدت تک
نشے مستی مین کیا دختر رز سے اُٹھائے ہین
گلو لوگو ستم نے سبب کہتے نہین لکے
مٹے پر بھی رہی ہے جستجو یہ اپنے یوسف کی

مری وحشت کی عنبو نے کبھی ہوا ستان سون
ہے ہین جستجو مین جسکی عاجز غیب دان برسون
رہا ہے عہد وحشت مین نجو ولی یہ مکان برسون
رہی از محبت کی خوشی ترجمان برسون
ہے یہ اپنے بال پر ہی مثل آشیان برسون
جوانی مین رہی ہے صحبت پیر مغان برسون
گلا ہے عنادل نے مرا طرز بیان برسون
غبار اپنا رہا ہے سد راہ کاروان برسون

عزیز از جان قلق ہوگا غم عشق بتان دلکو
کریگا پاس اس مہمان کا یہ میزبان برسون

مشتاق دید مین سب شہرہ ہے مرد و زن مین
عطر بہار ملکر جو آئے وہ چمن مین
گل شمع کا جو مہکے گلزار انجمن مین

خلو ملک لیے لا تشریف انجمن مین
تو بوئے گل سمائی کیا اپنے پیرہن مین
بلبل ابھی جنم لے پروانے کے بدن مین

۱۲۶

پس مردن وہ چاہت اپنی لگو نہ جتلاتے ہین
نہین تابوت میرا اُٹھنے دیتے لپٹ جاتے ہین

ابھی جان میری پڑ گئی ہے کس کشاکش مین
ادھر موت آ رہی ہی اُدھر وہ آ نکلتے ہین

اُنھین کو عاشق اپنے مصحف رخ کا سمجھتے ہین
حد ایسین ٹکے پر جا کے جو قرآن اُٹھاتے ہین

جو توڑے محتسب نے آکے ظرف مے تو یہ سمجھے
اشارہ ہی یہین ہی ہم توڑنے توبہ بھی آتے ہین

یہ ڈر ہی بیٹھنے کی ہو نہ جائے ہر کہین عادت
ہم اُنکو اسلیے پہلو مین اپنے کم بٹھاتے ہین

تمنا صبح وصلت کی شب فرقت جلاتی ہی
یہ سنتے ہین کہ بعد رنج راحت بھی اٹھاتے ہین

لحد مین کیا اُتارا ہی کہ سر کا بوجھ اُتارا ہی
اندھیری گور مین تنہا مجھے سب چھوڑے جاتے ہین

جتاتا ہون جو مین عشق وہ ہنس ہنس کے کہتے ہین
ہمارے چاہنے والو نکا یہ بھی منہ چڑھاتے ہین

ارادہ ہی کسی عامل سے جاکر پوچھیے اک دن
پریزاد آدمی کے کسطرح قابو مین آتے ہین

زیادہ جان سے درد محبت ہی عزیز ان کو
اطبا کیا ترے بیمار عیسیٰ سے چھپاتے ہین

چلے ہین جان پر ہم کھیلکر شوق شہادت مین
نصیبو نسے جو ملتا ہی تو قاتل ڈھونڈھ لاتے ہین

کہان وہ مسکراہٹ اور کہان انکی جھجک توبہ
دہان یار رنگین لب کا غنچے منہ چڑھاتے ہین

خدا اُس سے سمجھے جسنے جان آفت مین ڈالی ہی
نہ دم لیتا ہی ظالم نہ بت ہمدم مین آتے ہین

بیت ۱۲۷

۱۲۸

بیچ ہے اُنکے حقیقت مین ہر ایک نا شکل
جا نگر شگفتہ زلف ہلاکت کو مری

منفعل اپنی جفاؤن سے ہوئے سمجھے وہ جب
ہوتے ہی گیسوے دلدار کا سودا مجکو

رٹ کے مین نے جو دم بھر بھری ہنسکے کہا
پہونچے پیغام وصال اُنکے دم نزع مجھے

لگ گئی آنکھ تصور مین جو اُن زلفون کے
کیا شفا بخش ہین سیب ذقن وہ لب

نعمتین کھاتے ہین سب کھاتا ہون مین غصہ و غم
بے حساب اُسنے کرم ہمپہ کیے روز شمار

دیکھکر بو تلونکو طاق پہ میخانے کے
منتنم عمر دو روزہ کو سمجھ کچھ کر لے

کچھ ہوئین خاک تو کچھ خود ہی مسکن کر ازین

مین گرفتار ہوا دام مین زلفونکے بلا مین آمین
عیش مین ہجر کی راتونکے بلا مین آمین

عاقبت کام مرے میری دعا مین آمین
گھر مرا ہو چھتی گرد دنسے بلا مین آمین

پانی برسا کہین کیا ٹھنڈی ہوا مین آمین
جب زبان بند ہوئی تب صدا مین آمین

خواب مین پھیر ڈرانے کو بلا مین آمین
تیرے بیمار کو یہ راس دوا مین آمین

میرے حصے مین ال سے یہ غذا مین آمین
جبکہ گنتی مین ہماری خطا مین آمین

نشے مین مین نے یہ جانا کہ گھٹا مین آمین
یہ مجھے گور غریبان سے صدا مین آمین

دست وحشت سے یہ تنگ اپنی قبا مین آمین

کرتا دہان یار کی تنگینیونکا وصف
مجبور ہو کہ غنچے کے منہ مین زبان نہین

کیا اعتبار ایسے تلون مزاج کا
جو مہربان کبھی ہی کبھی مہربان نہین

اس غیرت مسیح کی گھبی کیو اسطے
ملیا رہی فلک پہ نشرکی کہکشان نہین

بھوکے ہمالے غم کے ہن دعوت کرو نہین کیا
قابل سگ حبیب کے یہ استخوان نہین

وہ دل اسیر دام بلا رہتا ہو مدام
جو گوچہ گرہ گیسوے عنبر فشان نہین

ہون ٹیکے نقد ہوش تک آئے جو میرے ہاتھ
ایسا تو زلف یار کا سوداگران نہین

منظور نہین غیر کے جو ساتھ ہون تو کیا عجب
صد شکر طبع یار پہ تو مین گران نہین

جلوہ کو تیرے کیسلیے ہو مجھسے دشمنی
ای ماہ رو یہ جو دل عاشق کتان نہین

کیفیت آئے میکدہ مین دیکھ جائے وہ
جو قائل کرامت پیر مغان نہین

محو نظارہ دل ہو وہ بت ہی حجاب مین
حیران ہو آئنہ رخ جانان عیان نہین

وہ سے بھلادیا ہو گلون سے کیا مجھے
اب تک کو بھی یاد مرا آشیان نہین

وہ دل ہین ایسے تین جو کوڑی کوڑی پر
اپنا ہما فریفتۂ استخوان نہین

کس لالہ کے دلمین نہین گھر قلق
وہ کونسا چمن ہو جہان آشیان نہین

۱۳۰

الجھ رہے ہی جو ہم تیرے قتل کی تدبیر مین
بل نہین بیوجہ قاتل ابروِ شمشیر مین

مین بھی مجنون ایک لیلی کا ہون ای صورتگرو
رنگ روئے قیس بھرنا تھا مری تصویر مین

کیا اسیر گیسوئے دلدار کوئی چل بسا
کس لیے ماتم پڑا ہی خانۂ زنجیر مین

دل ازل سے ہی ہمارا کشتۂ ابروئے یار
پرورش پائی ہی ہمنے دہن شمشیر مین

زلف جانانسے نظر آتی ہی یون چشم سیاہ
جسطرح پھنستا ہی آہو دام آہوگیر مین

وہ دہان ہی کونسی تیری معرف جو نہین
شرح اک قرآن کی لکھی ہی ہر تفسیر مین

دل کے آئینے مین اک جہان جبا(؟) کی ہی شبیہ
چوکھٹا اربع عناصر کا ہی اس تصویر مین

کٹ گئی ہی گوشۂ ابروئے قاتل مین گرہ
نقد دل میرا پڑا رہتا ہی دہن شمشیر مین

کون وہ معشوق ہی جو تابع فرمان نہین
آہ دل میرا عمل ہی کشور تسخیر مین

شوق کا دلسے علاقہ عقل سے آموز دل
اوشۂ خوبان وعلمہ ہی مری زنجیر مین

طائر دل نام سنتا ہی مگر دیکھا نہین
کیا پر عنقا ہین ای صیاد تیرے تیر مین

گر ہجوم شوق آزادی ملی نہین بزم ہا
ایکدن ڈانکا پڑیگا خانۂ زنجیر مین

آب دندان نہین ہی یہ لب رنگین کا عکس
لال مچھلی تیرتی پھرتی ہی جوئے شیر مین

۱۳۱

سُنیے تو تمام لیجئے دل آئیگی نہ طاب
نفرے عدو سے ہوش مری التماکے ہین

یہ اہل جبلہ ہی نہیں کرتے ترمی ثنا
تاقوس کی زبانپہ بھی کلمے اذاکے ہین

مشہور جسکا صاعقہ دبرق نام ہی
وہ ایک شرر مرے سوز نہاکے ہین

ارباب فہم جو کہ ہین پاکن کہین کے ہون
وہ سب مقلد آج ہماری زباکے ہین

کوثر پہ چلکے دیکھیے گا اُنکی آبرو
جو معترف کرامت پیر مغاکے ہین

پوچھو نہ کچھ خرابہ نشینو نکا حال زار
ہم خاک مین ملائے ہوئے آسماکے ہین

ملک سخن کو تیغ زبانسے کیا ہی سر
سکے چڑھے ہوے مرے حسن بیاکے ہین

بعد فنا بھی رنج غم ہجر یار ہی
زیر زمین بھی جو رہے آسماکے ہین

ردیف واو

اہل زبان کو ناز ہی میری زبان پر
سب قائل اہی قلق مرے حسن بیاکے ہین

کیسے تھیچون

بلبل بہار عیش ہوتی ہی خزان پیرکر ہی آشیانکو
جوانی روشنی جاتی ہی کہین کس سے مناؤنگو

مرے جی خان مانی کچھ نہ پوچھو مین تو بلبل ہون
جگر دلمین گلگو بیگی ڈھونڈھتا ہون آشیانکو

گرے تیر نگاہ ناز سے تا کار رقیبون کو
الٰہی ہجر کی شام ناوک انداز اس نشانیکو

خال رخ خضر رہ کفر ہوتا جو ترا | دام مین لاہی چکے تھے یہ مسلمان مجکو
چشم خونخوار کا آغوش مژہ مین ہی یہ قول | زیب ہی کہیے اگر شیر نیستان مجکو
جسمین کچھ ہوتی ہی امید وصال محبوب | اتنی کھلتی نہین وہ گردش دوران مجکو
یہ نہ معلوم تھا اس رنگ سے آ ئیگی بہار | توبہ سے مے نے کیا سخت پشیمان مجکو
عشق نے منصب عشاق جو تقسیم کیے | باغ بلبل کو دیا کوچۂ جانان مجکو
سوزش دل لیے یہ پروانیکی صورت تڑپا | دیکھکر رونے لگی شمع شبستان مجکو
مجھ گرانبار کے محشر مین تلین جب اعمال | نہ سبک کیجوا ای پلۂ میزان مجکو
کون اندیشۂ فردا کا ملال آج کرے | موسم گل مین نہین فکر زمستان مجکو
تیرے ہوتے ہوے ای غیرت خورشید نہ لون | کھوٹے دامون بھی ملے گر مہ کنعان مجکو
صف کشی اپنی دکھاتا ہی مجھے کیا عشر | یاد ہی اسکی صف آرائی مژگان مجکو
لب جانبخش صنم کا ہون جو مشتاق تو لوگ | جانتے ہین خضر چشمۂ حیوان مجکو
ناتوان وہ ہون عجب کیا صفت پائے ملخ | مور لیجائے اگر پیش سلیمان مجکو
میر ظلمت کدہ مین لائین جو روشن کرکے | کرم شب آئے نظر شمع شبستان مجکو

چشم بتان دہر کی آفت ہین شوخیان
صحرائے حسن کے بھی ہرن دیکھنے چلو

کیا کر رہی ہو سینۂ مشتاق کی بہار
آرائش عروس چمن دیکھتے چلو

کرتی ہے ادا شوق مین کس کس کو پائمال
رفتار یار کے بھی چلن دیکھتے چلو

آئے ہو صیدگاہ جہان مین تو اے قلق
طرز شکار تیر فگن دیکھتے چلو

غمزدہ ہجر سے اے کشتۂ بیداد نہو
کون حسرت زدہ ایسا ہے کہ جو شاد نہو

جان دینے مین تو اے ہمنفسو باک نہین
پاس اتنا ہے کہ رسوائی صیاد نہو

حسرت آزادی کی پوچھے کوئی اسکے دل سے
جس گرفتار قفس کی کوئی فریاد نہو

ہم اسیران قفس مین نہ اگر زمزمہ سنج
اسقدر رونق کاشانۂ صیاد نہو

شوق کا تو یہ تقاضا ہے کہ کٹواؤ گلا
قول ہمت ہے کہ منت کش جلاد نہو

شکر کی جا ہے سزاوار جفا تو سمجھا
مرغ دل شاکی بیرحمی صیاد نہو

انکھین بیکار ہین وہ جنکو نہین حسرت دید
دل وہ کس کام کا جو کشتۂ بیداد نہو

دشت وحشت مین ہے جب شش جہت سودا
کھولدین فصد مری خار جو فصاد نہو

۱۳۳

دیکھ او گردون ستانا اسقدر اچھا نہین
ضبط کرتا ہون ابھی آہ دل ناشاد کو

ایسی کیا خوبی ہے ہمین کیا شرف ہے ننگ ہون
کیون پری سے دیتے ہین تشبیہ آدمزاد کو

سیر کی باغ جہان کی اسنے کیا جسنے بغور
چشم عبرت سے نہ دیکھا عالم ایجاد کو

گل کو بخشا رنگ پرتو نے ترے رخسار کے
راستی تعلیم کی قد نے ترے شمشاد کو

کیا سنا نالہ مرے دل کے وہ شوخ سنگدل
کوئی بت سنتا نہین ناقوس کی فریاد کو

جب ہجوم یاس نے فرقت مین گھیرا ای شفق
لشکر طفلان اشک آیا مبارکباد کو

آنکھیں ڈھونڈھتی ہین طالب دیدار کو
قدردان کیسے اسلئے گردش ہے چشم یار کو

کیون جلایا کرتے ہین گل پیرہن اس زار کو
آتش گل سے ضرر ہوتا نہین ہے خار کو

تشنگی اوقات عالم بجھانے آئے ہین
آبدار اپنا سمجھتے ہین تری تلوار کو

ای جنون یا مزہ دلسے مرے جاتی نہین
عمر بھر اس آبلے مین ہمنے دیکھا خار کو

او شکر لب کسقدر شیرین ہے تیری آب تیغ
حاجت بخیہ نہین ہے زخم دامدار کو

دیکھکر بیہوش ہو جاتا ہون موسی کیطرح
صاعقہ کہیے تمہارے پرتو رخسار کو

۱۳۰۴

بچھائے مثل بستر خار اپنے واسطے
فرقت میں مخملی بھی اگر فرش خواب ہو

بیمار ہجر دختر رز سے ہوں اے طبیب
نسخے میں مغز تخم کدوے شراب ہو

نالہ کروں تو کان ہوں کر و بیوں کے کر
ہل جائے عرش دل کو اگر اضطراب ہو

مولا مرے مدد کو مری جلد آئیو
مجھسے لحد میں جبکہ سوال و جواب ہو

دیکھے فروغ حسن جو ساقی کا آفتاب
مرغ نگاہ آتش رخ سے کباب ہو

لائی ہے گھیر اڑا کے صبا کوے یار سے
ذرہ ہو نہ میری خاک کی مٹی خراب ہو

کرلیں حضور کے کف پا سے مقابلہ
اسمیں کوئی جو ماہ کوئی آفتاب ہو

اس غیرت چمن کا اگر سونگھ لے عرق
بلبل تو اک طرف ہے ابھی غش گلاب ہو

سونے نہ دیگی یاد شب لطف یار کی
آنکھوں میں میری آکے پریشان نہ خواب ہو

زیب بغل ہو یار زبان پر ہو یہ دعا
یارب زمانے کو نہ کرے انقلاب ہو

کھولے کلید شوق ابھی قفل در مراد
گو سد راہ وصل نہ انکا حجاب ہو

ٹوٹا کبھی بوریا نہیں رکھتے ہیں ہم فقیر
اہل دول کو دغدغۂ انقلاب ہو

کچھ اس سے دور ہے کہ زلیخا کی طرح سے
گر اے قلق بڑھاپے میں عود شباب ہو

اتنا احسان کرے ضعف تو بس آئے مری
میں تو دیکھوں تمھیں دیکھو نہ مگر تم مجھکو

سوزِ الفت سے پھکی جاتی ہے ہڈی ہڈی
نہ جلا اور تو اے برقِ تبسم مجھکو

تخلیہ غیروں سے جب دو دو پہر ہو ہر روز
تمھیں بتلاؤ نہ کیونکر ہو تو ہم مجھکو

یاد میں گیسو و ابرو کی جو سویا شب بھر
خواب میں آئے نظر افعی و کژدم مجھکو

کر دیا ایک تری آنکھ کے پھر جانے نے
ہدفِ ناوکِ نظارہ مردم مجھکو

سبقت ہے تری رحمت کو غضب پر تیرے
تجھسے ہر وقت ہے امید ترحم مجھکو

ڈھونڈھے سے اپنے کو پاتا نہیں میں آ قلق
کر دیا عشق کمر نے یہ زخود گم مجھکو

نگہ مہر سے دیکھو جو ذرا تم مجھکو
آنکھ کا تارا سمجھنے لگیں مردم مجھکو

لاکے نے پاس مجھے بزم طرب میں دیکھا
سم ہوئی سنتے ہی آواز ترنم مجھکو

آشنا جسکی مروت سے نہیں آنکھ ملا
ایسے بے دید سے اور چشم ترحم مجھکو

نشے میں عالم بالا کی بھی کچھ لیکھوں سیر
ساقیا آج تو دے درد تہ خم مجھکو

بھائی اللہ کو موسیٰ کی نہ ہانکی لکنت
بھاتا ہے یار کا ہکلا کے تکلم مجھکو

کوئی کہدے یہ طبیبوں سے خطا کرتے ہو کیا
یاں مرض اور ہے تم اور دوا کرتے ہو

اپنے اعمال سے تم کچھ بھی حیا کرتے ہو
مغفرت کیلیے کس منھ سے دعا کرتے ہو

دل جفا کار و نکو دیتے ہو برا کرتے ہو
ایسے غمخوار کو پہلو سے جدا کرتے ہو

ہم چلے جب تو کیا آپنے قصد آنیکا
وعدہ پورا ہو تب عذر فنا کرتے ہو

رشک کس طرح سے مجکو نہو ای جان جہان
گھر سے ہوتے ہو رقیبوں پہ جفا کرتے ہو

دلمیں جا دیتے ہو عشق صنم خود بین کو
بتکدہ پہلوے مسجد میں بنا کرتے ہو

دیکھو جلا دو نہیں ہو جاؤگے بدنام ای جان
اپنے جانباز کو ممنون قضا کرتے ہو

دستیاب اسکو تو پابوس ہے محروم ہیں ہم
اٹھ چکے پانو لبے توقیر حنا کرتے ہو

کتنے صیاد جفا پیشہ ہو تم بھی ای جان
جان ہی لیتے ہو میری جو رہا کرتے ہو

حسن اعجاز تکلم جو دکھاتے ہو کبھی
مرغ تصویر کو بھی نغمہ سرا کرتے ہو

صبح ہوتے ہوئے گھر آتے ہو ہم سنتے ہیں
آجکل شب کو کہاں وردہا کرتے ہو

نکہت جسم سے ہو جاتے ہیں پیراہن گل
وا جو گلزار میں تم بند قبا کرتے ہو

ہم بھلے کیلیے کہتے ہیں تمھارے ای جان
ساتھ بد خصلتوں کے پھرتے ہو برا کرتے ہو

بے طلب آیا کرین خوبان کئی یہ گون قلق
ایسی کچھ تاثیر اسم حضرت رزاق ہو

غش ہو عالم گر درخشان برق نور ساق ہو — پھر نظارہ تجلی طور کی مشتاق ہو

نقد دل کے لوٹنے مین شہرۂ آفاق ہو — سوت بر ہو دزد ہو رہزن ہو یا قزاق ہو

سر جو کٹ جائے تو مثل شمع پھر پیدا کرو — حضرت شوق شہادت تم بھی کیا جلاق ہو

خو گیسوے سیاہی کا تعلق چاہیے — عاشق خط سیہ کو خدمت اطلاق ہو

لکھکے وصف ست پستین خون اگر رونے لگون — جدول شنجرف گرد صفحۂ اوراق ہو

غم یہان مطرب ہو جام بادۂ زجلہ ننگ — بزم فرقت مین سرود نالۂ عشاق ہو

آدمی تو کیا فرشتونکے بھی ملین گھر کیا — گھر سے گو نکلے نہین پر شہرۂ آفاق ہو

اسمین مجمشو رقم ہی حسرت دیدار یار — آنکھ کا ڈوا ہو شیرازۂ اوراق ہو

یہ قمار عشق مین بازی بدی ہی یار سے — جفت ہو تو وصل معشوقہ سے گر طاق ہو

لے بصر کو کر دے بینا حسرت دیدار یار — آنکھ کی پتلی سویدائے دل مشتاق ہو

آنکھ کے تل سے لگائے گولیان ہنگام دید — دور بین اس جنگجو کے ہاتھ مین چقماق ہو

شاد اس سے ہوں کہ اس قاتل عالم نے خود آج
کہکے او عاشق ناشاد پکارا مجکو

جان دی عشق میں اس حور کے میں نے جو قلق
قبر میں آکے فرشتوں نے اُتارا مجکو

کہتے ہیں طالب دیدار ایک نظر دیکھیں تو
ترچھی نظروں ہی سے دیکھیں وہ ادھر دیکھیں تو

دل ہو جو رنگ ہمارا کہ جگر دیکھیں تو
کوئی جوہر ترا اے تیغ نظر دیکھیں تو

جانپر کھیلے ہوئے بیٹھے ہیں ہم بھی شب بھر
آج کبتک نہیں بجتا ہی گجر دیکھیں تو

ہمتو اس سن میں بھی دل انکو حوالہ کرتے ہیں مگر
شہر میں کوئی طرحدار بشر دیکھیں تو

رہے وہان مگر اُس بت کے سوا ہے کوئی اور
چشم انصاف سے ارباب نظر دیکھیں تو

بندہ ہوں ہم نہ کسی طرح در اندازوں سے
دلمیں اُس خانہ بر انداز کے گھر دیکھیں تو

عید نکلے سو اکوئی نہیں یہاں اور
آپ بربادی ارباب ہنر دیکھیں تو

بوسۂ سیب زنخدان سے نہ منھ موڑیں آپ
کیسے لذت کے یہ ہوتے ہیں ثمر دیکھیں تو

الجھ کئی روز سے ہیں یار کے تیور بیدل
کیا اُن آنکھونکو ہے منظور نظر دیکھیں تو

وہ پری رو رخ انور سے الٹتا ہی نقاب
کسطرح ہوش میں رہتے ہیں بشر دیکھیں تو

تمھارے بعد آوگے تو کیا ای نامہ بر کہنا
ہم آخر ہوتے ہین آنے مین تم تاخیر کرتے ہو

خط مرخ کی صفت مین رٹ لگی رہتی ہی جو تم کو
قلق کیا حفظ قرآن کا مع تغیر کرتے ہو

ساقی نے منھ لگایا نہ جام شراب کو
اس چاند مین شرف نہوا آفتاب کو

ای جان اُلٹو مصحف رُخ سے نقاب کو
رکھو غلاف مین نہ خدا کی کتاب کو

واعظ نہ دے تو ہاتھ سے کار ثواب کو
بوتل اُتار طاق پہ رکھدے کتاب کو

کم ظرف پی کے اتنی نہ بدمستیان کرو
رسوا تمھین تو کرتے ہو نام شراب کو

چھپے جو تم اسی سے تو رسوائیان ہوئین
کچھ شرم بھی نہ آئی تمھارے حجاب کو

ساقی سے اپنے اس لب یا نکار کے وصف
انگارون پہ لٹایا ہی کیا کیا کباب کو

وہ چرم دل مین آنکھو نسے دریا بہائے ہین
دیکھا ہی آبدیدہ جو چشم حباب کو

بیمار عشق عارض تابان ہون ای طبیب
معجون مین ملا ورق آفتاب کو

عاشق سبب ہین گرمی بازار یار کے
ذرون نے یان فروغ ہوا آفتاب کو

واہ اشارہ ہی یہ کلہ او شریوالے صاف
یعنی کباب کھاؤ پیو تم شراب کو

گالیان بھی اُس لبِ شیرین کی لذت بخش ہین | اُس قمر کے غیظ مین ہی مہربانی کا مزہ

کیا ملی ہی لذت اُسکی خوش بیانی سے قلق
ہونٹ چوستا ہی اُس شیرین زبانکا مزا

رُخِ روشن سے جا حبیب کی آنکھ
جھکی آئینۂ حلب کی آنکھ

یار کی اس نے آنکھ دیکھی ہین
چشمین سیکھی ہی غضب کی آنکھ

وہ نظر باز ہین کہ لاکھون مین
تاک لیتے ہین اپنے ڈھب کی آنکھ

ابرو آفت کے پر بلا گیسو
چتونین قہر کی غضب کی آنکھ

گر سراپا ہین نور ہم نے مگر
سارے اعضا مین منتخب کی آنکھ

آفتاب اور ماہتاب نہین
دن کی وہ آنکھ ہی یہ شب کی آنکھ

نظر کم سے دیکھتا ہی ہمین
چشم حاسد ہی بولہب کی آنکھ

اب تو پردہ نہ کر تو اوبے دید
بہ گئی اشک بنکے کب کی آنکھ

رات سو ٹوٹتے نہین تارے
رہتی ہی اشکبار شب کی آنکھ

شب کو غم مین نہ چاند تک نکلا
پھر گئی آج ہم سے سب کی آنکھ

لب تک ہی بادہ کشو آ نہین سکتی توبہ
ہین وہ میکش کہ بھری رہ بھٹکتی توبہ
کسی انسانکا دل تو نہین توڑا واعظ
مین تو امادہ ہون کیا کرون امر عظیم کر
توبہ بادہ کشی کی ہی بھلا مین نے تو
شرم آئیگی مجھے پیر مغانسے واعظ
بادہ خواری کا کیا قبر مغان پر جلسہ
لب جو سبے صدا آتی ہی آمین آمین
مست ہو جاتا ہون خود جو بہار آتی ہی
توڑ ڈالا ہی زمانے نے مجھے اے واعظ
میکشی مجھسے تو دو دن بھی نہین چھٹ سکتی
دال توبہ شکنی پر ہی شکستہ حالی
دیکھ لے تو جو کبھی شیشہ رو کا جوبن

پہنے ہی موج مے ناب کی بیڑی توبہ
نہ گئی بابِ اجابت تلک اپنی توبہ
کیا خطا ہمسے ہوئی مین جو توڑی توبہ
کرنے دیتے نہین ایام جوانی توبہ
کی ہی کیا تونے پلانے کی بھی ساقی توبہ
مین نے ایام جوانی مین اگر کی توبہ
ہمنے امسال بڑی دھوم سے توڑی توبہ
خوف عصیان سے جو کرتا ہی یہ عاصی توبہ
چار دن بھی نہین مجھ رند سے نبھتی توبہ
ورنہ خرمستی سے ٹوٹی نہین میری توبہ
ساقیا چاک کے دکھلانے کو کر لی توبہ
رند محتاج کی ثابت نہین رہتی توبہ
واعظا توڑے مری طرح سے تو بھی توبہ

بھونوں نے اُسکے جبکہ چمن مین ملائے ہونٹھ
نازک زبا وہ برگ سمن سے بھی پائے ہونٹھ

سمجھا مین خضر چشمۂ آبِ حیات ہون
ہونٹھونسے میرے اُسنے جو اپنے ملائے ہونٹھ

مانگا جو بوسہ یار سے مین نے شب وصال
از خود دُزے مین آکے مرے کاٹ کھائے ہونٹھ

کیا کیا صفت زبان سے سوسن کی بھی سُنی
ہلکر مسی چمن مین جو اُسنے دکھائے ہونٹھ

سُرخی نے اُن لبونکی کیا غنچونکا خون
لالی حمی حیا کی تو کیا رنگ لائے ہونٹھ

ہونٹھون مین دابکر جو گلوری دی یار نے
کیا ذہنت پسے خبر نے کیا اکتا جائے ہونٹھ

پانی بھر آئے مصریونکے منھ مین دقت دید
شیرین کی رال ٹپکے جو وہ دیکھ پائے ہونٹھ

دم آگیا لبونپہ یہ ڈھکایا یار نے
سیہد پاس ہونٹھونکے لاکر ہٹائے ہونٹھ

شیرین لبی تو دیکھنا وہ نیشکر بنی
قلیانکی نے سے اُسنے جو اپنے لگائے ہونٹھ

ردیف	بوسے دہن کے اُسکے نہین بھولتے **قلق** کہتا ہون لے دہنت کبھی گاہ ہاے ہونٹھ	یاے تحتانی

لوٹے مزے جو ہم نے تمھارے اُگال کے
مر مر گئے رقیب لہو ڈال ڈال کے

سنے یار دود دلکا مرے آسمان بنا
ساقی بنا دے ماہ پیالہ اُچھال کے

وہ مے پرست ہوں کہ پس مرگ بادہ خوار
شیشے کا میرے گنبد مدفن بنائیں گے

سیکھینگے خط سبز سے ہم بھی کوئی فسون
گر آپ مار زلف کو رہزن بنائیں گے

ہو قہر اگر وہ ہونگے مرے شوق قتل سے
نقاش بھی جھکی ہوئی گردن بنائیں گے

دکھلا کے دانت اپنے جلائینگے خوب سا
اسطرح موتیوں کا وہ منجن بنائیں گے

کچھ رنگ لائینگے جو وہ مسی لگاتے ہیں
گل سے ہن کو غنچۂ سوسن بنائیں گے

بعد فنا تصور دندان یار سے
مدفن کو اپنے ہیرے کی معدن بنائیں گے

داؤد سان دکھائینگے وحشت میں معجزے
آہن کو موم موم کو آہن بنائیں گے

چھانینگے خاک وادی وحشت کی ای قلق
کانٹوں سے اپنے پانو میں روزن بنائیں گے

آ کے پھرتے ہیں کرے تازہ جو بیداد کوئی
ہم ستم سہتے ہیں گر ہو ستم ایجاد کوئی

ایسی ہیں اسکو دعائیں کہ سلیمان کر دیں
ہمکو دیوانہ بنائے جو پریزاد کوئی

جان بیچیں نہیں پاتے ہیں خریدار ایسا
سر بکف پھرتے ہیں ملتا نہیں جلاد کوئی

ہم بھی جانباز ہیں کا کچھ ڈھنگ نکالینگے نیا
آپ بھی کیجیے طرز ستم ایجاد کوئی

وہ لالہ ہون کہ فرقت مین صدائے صور ہو نالہ | ہر اک داغ جگر چشم خورشید قیامت ہی

ہم آہو سے ظاہر ہی یہ زخود رفتگی اپنی | عیان نقش سم آہو سے اپنی چشم حیرت ہی

وہ لاغر ہون جو چادر اوڑھون ذرہ قبر کی سمجھین | آئینی بستر غم پر مرے تعویذ تربت ہی

لگین گے دانہ ہائے اشک سے نخل امید اک دن | ہمارا ابر مژگان بھی برنگ ابر رحمت ہی

تکلف میکشی مین سیا قیا کم ظرف کرتے ہین | پلائے جب مجھے چلو سے کیا ساغر کی حاجت ہی

جنون اسواسطے باندھا ہی چلا شاخ آہو مین | ہوس خوش چشم کو دیکھون یہ مطلب ہی یہ منت ہی

فلق اس نغمہ آرائی کا کب مجکو سلیقہ تھا
وزیر عندلیب ہند کی فیضان صحبت ہی

عارض مین تمھارے کیا صفا ہی | منہ آئینہ اپنا دیکھتا ہی

دنبالہ جو سرمے کا بنا ہی | یہ تیغ نگہ کا پر تلا ہی

بیمار جو تیری چشم کا ہی | نرگس پہ کب آنکھ ڈالتا ہی

دولا کہو فریب حضرت عشق | بندہ نہ کہے گا بت خدا ہی

سر سبز کہتے ہین جس کو ماہ کامل | نقشہ کف پائے یار کا ہی

۱۴۶

طائرِ رنگِ حنا کا مرغِ جان ہو تا جلیس — اب نگینے کے شجر پر آشیانا چاہیے

خط میں لکھی ہے حقیقت شرح گردیکی اگر — نامہ بر جنگلی کبوتر کو بنانا چاہیے

جوشِ وحشت کہہ رہا ہے نکہتِ گل کی طرح — آج تو دیوارِ گلشن پھاند جانا چاہیے

وصفِ دندان میں در مضمون بھی ہے ہمکو تلاش — بحرِ فکرت میں دلا غوطہ لگانا چاہیے

چین گیسو دکھا دو خالِ عارض کی بہار — میرے مرغِ روح کو یہ دام دانا چاہیے

اس تمنا پر ہوا ہوں خاک میں او جنگجو — میری مٹی کے تجھے مینڈھے اڑانا چاہیے

عارض تابانکے تل پر بہر دفع چشمِ بد — خالِ رخسار پہ یکا کالا دانا چاہیے

صفحۂ دل سے خیالِ غیر ای جانِ جہان — صورتِ حرفِ غلط تجھکو اٹھانا چاہیے

پھنس گیا ہے دام کاکل میں بتانِ ہند کے — طائرِ دل کو ہمارے رام دانا چاہیے

پنجۂ گلگون نکے او گل ہم ہوے ہین عندلیب — پنجۂ شاخ پر ہمارا آشیانا چاہیے

چل نہین سکتا ہمارا توسنِ عمرِ روان — بارڈھ کے قور یکا قاتل تازیانا چاہیے

بعد مدت بزرت پہلو ہوا ہے وہ پری — آج تو اے دل تجھے بغلین بجانا چاہیے

ہو نہین اے جراح زخمی تیغِ ناز یار کا — ناکے بھی گرد نکے ڈورے لگانا چاہیے

رکھکے عارض کو اگر شرم سے بیٹھے وہ پری
عکس خط جوہر آئینہ زدا ہو جائے

شمع روشن ہو تجلی رخ انور سے
بزم مین آپکے پروانہ بھی جگنو ہو جائے

میرے رونے پہ **قلق** مردم آبی دین
موتی چشم صدف بحر مین آنسو ہو جائے

دا جو ہو لطف تو کچھ اور ہی خوشبو ہو جائے
گل رخسار تمھارا گل شبو ہو جائے

کھولدے گیسوے شبرنگ جو وہ غیرت گل
تو کرن پھول کی تاب گل شبو ہو جائے

پھر بہ بالیں رخ گردہ و گائے غازہ
عارض یار چراغ شب گیسو ہو جائے

شمع محبوب جو مشاطہ چھوے غیر تو کیا
کان کا پتا بھی شرما کے لجالو ہو جائے

دست رنگین ہے جو تو بال بنائے ای جان
انگلی انگلی تری شمع شب گیسو ہو جائے

حسن اللہ رے جو میزان نگہ مین تولون
آنکھ کا ڈھیلا ہر اک سنگ ترازو ہو جائے

حال لکھ لکھکے اگر بھیجے مرا اس بت کو
یا خدا مثل قلم غیر سیہ رو ہو جائے

یاد ساقی جو کرون صبح قدح نوشی مین
جوش رقت سے لب جام لب جو ہو جائے

عاشق چشم ہون پھنسین جائے زمین دھوکا کھا کر
دشت مین دام رگ دیدہ آہو ہو جائے

[illegible]

شہرت ہی میرے نالہ و چشم پر آب کی
پھلتی ہی ہر ایک کہتا ہی برق و سحاب کی

رحمت اُٹھاؤن مہر وشون سے محال ہی
سونگھی ہی بو کسی نے گل آفتاب کی

قد نخل گل ہی یار کا مینی ہی شاخ گل
لب گل ہین نت ہین کلیان گلاب کی

اس شہسوار زیب ہی پاپوش مین کسن
پلکین ضرور چاہیے چشم رکاب کی

مرنے سے میرے محفل ماتم ہی بزم مو
ساقی سیاہ پوش ہی بوتل شراب کی

سو یا نہ شب کو آپ نہ سونے دیا مجھے
کیا سچ ایسا کہون اُس بیحجاب کی

اشک کباب اشک ہین لخت جگر کباب
پلکین بنی ہین سحر مین سیخین کباب کی

کیا کیا تڑپ تڑپ کے کٹی ہی شب فراق
ایسی ہی رات قبر مین ہوگی عذاب کی

دلمین کبھی کبھی مری آنکھو نمین رہتا ہی
شوخی تو دیکھنا مرے خانہ خراب کی

دریا پہ کس پری نے کیا عزم سیر کشتی
ہر دم مت موج مین جو بپالی حباب کی

تبدیل رنگ ہو گا نہ منہ جام مین دیکھ
مرجھاتی ہی گلو نکو طپش آفتاب کی

کیا دخل کوئی دیکھے تماشائے رُخ یار
خورشید حشر بنگئی جالی نقاب کی

اُس کوچے سے اُٹھا کے پھراتی ہی دربدر
کیا تو نے اے صبا مری مٹی خراب کی

آنکھوں کی راہ میں مرے آتے جاتے ہو
اے جان ہو اس آمد و شد کی خبر کیسے

افتادگان خاک سے پہونچے کہاں گزند
وے پیچ مار جادۂ راہ سفر کیسے

کہتے ہیں وہ زبان ڈر دندانپہ پھیر کر
جز لب کے کیسے ماہی آب گہر کیسے

آخر زمین نے مری مٹی حریز کی
اے آسمان پھر آئیگا اب در بدر کیسے

کیا خوب فرق عاشق و معشوق میں ہوا
طوق آہنی ملا ہے کسے طوق زر کسے

کسکو بجز شراب خوش آتا ہے آفتاب
بھاتی ہے غیر میکدۂ مینا سحر کسے

دریا نی پانی ہوکے بنا صاف موتی جھیل
درکار پھر عسل ہے آب گہر کسے

مقتل میں ہم بھی سرکبف آئے ہیں اے قلق
کرتا ہے قتل دیکھیں وہ بیداد گر کسے

پیر دعا دے کے در یار سے ہم رات چلے
یا خدا آج تو غیروں کی نہ کچھ گھات چلے

خانہ آباد کہ مشتاق ملاقات چلے
لیگیا عشق بتان پھیر کے واعظ سو دیر

سب کے ساتھ مرے نہ بت بذات چلے
طرف کعبہ جو اے قبلۂ حاجات چلے

ساقیا تجکو مبارک رہے آزردہ نہو
تیرے میخانہ سے ہم رند خرابات چلے

وحشت نے اپنی اُنکو بھی جگنو بنا دیا
اور اُڑ گئے چراغ ہمارے مزار کے

گلگشت باغ کو جو گیا وہ گُل فرنگ
غنچے سلام کرتے تھے ٹوپی اُتار کے

تڑپا یہ سوزِ دل سے پس مرگ اے قلق
آنسو ٹپک پڑے مری شمع مزار پر

روش ہے صاف چلنے میں نسیم صبح گلشن کی
یقیں ہوتا ہے کھلجائینگی کلیاں انکے دہن کی

صدائے نغمۂ بلبل ہے صاف آواز اُگن کی
اُترتی ہے سلامی باغ میں کس رشک گلشن کی

ستاری ٹلتی ہے یا کوئی بلبل چہکتی ہے
تری مضراب کیا منقار ہے مرغ نوازن کی

تری دو لٹ سے ہم اے عشق لا مال ہوتے ہیں
دُرِ داغ جنوں لبریز اک اشرفی لگن کی

یہ بوجھ سکتا نہیں پروانۂ دل گر وہ پھرتا ہے
گلو بند آپکا فانوس ہے کیا شمع گردن کی

کھونگا اے ریاضِ حسن بھبتی عشق پیچے کی
ترے بوٹا سا قامت پہ جڑھی ہے بیل چکن کی

یہ بھڑکاتا ہے سودا آپکا موباف گیسو کا
کہر اک جادہ مجکو بیلی ہے مار رہزن کی

نشانہ ہو گیا عنبر آہ اُسنے جب ہمیں تاکا
یہ اپنی اپنی قسمت ہے خطا کیا ناوک افگن کی

لبِ نازک پہ تبخالہ پڑا ہے کسکے ملنے سے
مجھے دھوکا ہوا گویا کلی پھولی ہے سوسن کی

۱۵۱ بحر

گلِ عارض کے گلگوں نے یہ کب موقوف کی زینت
پھڑک جاتا ہی اوصیاد عالم مرغ نظارہ
دہن مسی لگانے سے بنا ہی غنچۂ سوسن
پھڑک نتھونکی آفت ہی وتیوری بھی قیامت ہی
لیا جراح کا احسان گردن پر نہ اے قاتل
صنم خانیکے جلسے یاد دلوا کر رُلاتی ہی
کہان ایسی وہ گرما گرم توبہ گو کہ ناری ہین

چراغ لالہ حمر کو کیا حاجت ہی روغن کی
قفس کی تیلیان کیلیلیان ہین ہی چلمن کی
ہنسو گر کھلکھلا کر تو کلی کھلجائے سوسن کی
ستم ابرو کی جنبش ہی غضب شوخی ہی چتون کی
گلوبند اپنا پٹی بنگیا ہی زخم گردن کی
تو کھادیتی ہی دل فریاد ناقوس برہمن کی
قسم کھاتی ہین یان بھی تمھارے ڈومنی بنکی

وہ منصف ہون جو وصل یار جانیکی مراد آئی
قلق پروانیکی تربت پہ پہلے شمع روشن کی

قد تراشیکے طوبا کو بھی ہم بھول گئے
یاد دلوائیے اُنکو جو کبھی وعدۂ وصل
نہ رہا بعد مرے ناز اُٹھانیوالا
کبھی سر سبز مرا نخل تمنا ہوا

روبرو رُخ کے گل باغ ارم بھول گئے
تو وہ کس ناز سے فرماتے ہین ہم بھول گئے
خوبرو ناز و ادا جور و ستم بھول گئے
کشتِ امید مری ابر کرم بھول گئے

بعد مرنیکے بھی ہو کوچۂ جانانکی تلاش
دل سے میرے ہوس باغ جنان دور رہے

کھلے داغونسے نہ کسطرح اُٹھے دود سیاہ
غیر ممکن ہی چراغونسے دھوان دور رہے

دہی کمرا ہو وہی بت جو تصور بندہ ہجلئے
نہ مکین دور رہے اور نہ مکان دور رہے

خطسے خس پوش ہوا چاہ ذقن قہر ہوا
یوسف دل سے الٰہی یہ کنوان دور رہے

سوجھی ہے اسکے رلانیکی یہ تدبیر ازل
چشم گردونسے نہ آہونکا دھوان دور رہے

کچھ علاج ایسا بتا دو کہ یہ درد دل بھی
آپکی طرح مسیحائے زمان دور رہے

کچھ وعدہ انصاف یہ تھے شکوۂ دوری جھکیا
منفعل ہوکے کہا واقعی ہان دور رہے

یہ جوانی یہ دن اُس دور مین انصاف توکر
دختِ رز پاس ہے اے پیر مغان دور رہے

چشم خوبان مین تر احسن ہمیشہ کھٹکے
نظر بد سے تو اے آفت جان دور رہے

نالۂ گرم سے بلبل کے نہ غنچے مرجھائین
خرمن گل سے الٰہی یہ خزان دور رہے

رشتۂ جان نہ اُسنے کہتے بنے پڑتا یہ پیچ
اب کیون نظرونسے وہ موے میان دور رہے

غم فرقت سے پہونچ جاتے ہین مرنیکے قریب
اے فلق یار سے دو دن بھی جہان دور رہے

جو بھبوکے تا فلک ٹھہرے تمھاری گل فروشی کا
عوض چونیکے گا ر لائے مرکا چاہیے ساقی

خریداری کو آئے مشتری بازار انجم سے
ہماری قبر اگر پکی ہو تو خشت سر خم سے

ہمیشہ خاک چھنواؤ گے مثلِ قیس صحرا کی
قلق کو یہ نہ تھی امید اے لیلی فرش تم سے

تاثیر جذب مستو کی ہر ہر غزل مین ہی
اعجاز نثر مین ہی تو کرامت غزل مین ہی

دلمین جو اپنے یار ہی تو دل بغل مین ہی
پھر کیون ہی غم کہ صاحب خانہ محل مین ہی

کتنا غرور ہی تمھین حسن و جمال پر
گویا دیار حسن تمھارے عمل مین ہی

ہی یاد دلمین پنجۂ رنگین یار کی
مہندی کے چور کا گذر اپنے محل مین ہی

بد تر خزانسے ہی ہمین اس باغ کی بہار
بے نفاق پھول مین نہی ہر پھل مین ہی

لیتے ہین بوسے اُن لب و گیسو کے اتصال
لنک مین سے تا ختن اپنے عمل مین ہی

منعم یہ کارخانے ہین دُنیا کے کر نہ فکر
کوئی ہی جو پڑے مین تو کوئی محل مین ہی

جو بن گیا وہ پیچ مگر انکے ہین وہی
رسّی کا بل حضور کی نخوتکے بل مین ہی

پہلو مین مجھ حزین کے کھٹکتا ہی رات دن
یا رب یہ دل ہی یا کوئی پھوڑا بغل مین ہی

بہار حسن کے گلگشت ہزار دیکھ چکے
خزان مین بلبل و گل کا بھی ماجرا دیکھ چکے

بس اُٹھو فاتحہ پڑھ لو بہت نہین روتے
شہید ناز کا اپنے مزار دیکھ چکے

زوال حسن مین کیا ترک کیجیے اُلفت
خزان بھی دیکھ لین جسکی بہار دیکھ چکے

محبت اُنکو نہین ہی فریب کرتے ہین
ہم آزما کے اُنھین لاکھ بار دیکھ چکے

پلاؤ جام شہادت بجھاؤ دل کی لگی
بس آب خنجر آبدار دیکھ چکے

عیان ہی نالہ شبگیر کی تو بے اثری
تجھے بھی آہ دل بیقرار دیکھ چکے

کمال چڑھ پھر زیادہ حجاب بیجا ہی
بس اک نگہ سے ہم پہ وہ ہزار دیکھ چکے

خزان باغ کا کسکو خطر ہی آنے دو
ہزار رنگ سے سیر بہار دیکھ چکے

تجھے بھی قاتلون مین اپنے لکھ لیا ہمنے
ترا بھی جنازہ او شہسوار دیکھ چکے

حضور پہلی ملاقات اور نہتا کے ستم
ہم ابتدا ہی مین انجام کار دیکھ چکے

زمین قبر بھی جو چاہے اب وہ ظلم کرے
فلک کے تو ستم بے شمار دیکھ چکے

یقین ہی ہمارے اب جو کنارہ کر جائین
رقیب اُسکو ہمین ہمکنار دیکھ چکے

گلے کرو گے تو کیا ہوگا دیکھنے والے
تمھارے طور ہمارا شعار دیکھ چکے

۱۵۵

پوچھو بتو نہ حال قلق وہ تو آجکل
آوارہ کوچہ گرد خدائی خراب ہی

درِ گوش صنم پیش نظر ہی
ہر اک آنسو مرا رشکِ گہر ہی

تلاشِ راہ مضمون کمر ہی
سوے ملکِ عدم اپنا سفر ہی

زبان وصفِ دُرِ دندان مین تر ہی
یہ گویا ماہیِ بحرِ گہر ہی

وہ مہ پارہ جو شب سے جلوہ گر ہی
مرا گھر غیرتِ برجِ قمر ہی

شہادت پائی کھایا تیغ کا پھل
مرا نخل تمنا بارور ہی

تڑپتا ہون پڑا آتی نہین نیند
شبِ فرقت کی بھی یارب سحر ہی

نہ لپکے سائے سے زلفون کے کیونکر
کہ پتلی بال سے بھی وہ کمر ہی

کہان تک صدمۂ اغیار اُٹھے
کہ رشتہ تو نہین بندہ بشر ہی

وہ غمدیدہ ہون پریشان ہون ہر اک سے
کہ راہ کشورِ راحت کدھر ہی

جسے کہتے ہین سب دنیا مین پیری
یہی شام جوانی کی سحر ہی

نہ اب ہمکو نگاہ دشت وحشت
مرا غول بیابان راہبر ہی

جہان جاکر نہین پھرتا مسافر
قلق وہ پہلی منزل کا سفر ہی

عشق مین تیری جان اُحیف ہی مفت مین چلی
تونے پر او ستم شعار اب بھی مری خبر نہ لی

کوئی بلا پھر آئیگی مفت مین جان جائیگی
بیچ مین ہمکو لائیگی زلف سیاہ بڑھ چلی

آتے ہی فصل دلپذیر ہوگئے قفس مین ہم صفیر
جسمین ہوئے تھے ہم اسیر لو وہی پھر ہوا چلی

اے گل گلشن وفا بے ترے نیند آئے کیا
بستر خار سے سوا مجکو ہی فرش مخملی

خواہش جستجوے یار جسسے بھی کچھ تھی ہشیار
بعد فنا مرا غبار ڈھونڈھ پھرا گلی گلی

دانش وطاقت وبصر بڑھ گئے سارے ہمسفر
زاد سفر کی فکر کر لگ رہی ہی چلا چلی

لاؤ پیالہ شراب گھر کے پھر آیا ہی سحاب
اب نہین میرے دلکو تاب باد بہار پھر چلی

اے مہ آسمان جاہ تجھسا نہین ہی کجکلاہ
لیکے فلک چراغ ماہ ڈھونڈھ پھرا گلی گلی

موے سفید آگیا دھبا خضاب کا لگا
فصل شباب بیوفا داغ فراق دے چلی

کبک کا دل ہوا فگار مرنے نے جانکی نثار
تیغ خرام ناز یار چال نئی نئی چلی

ہو لئے کوئی دوست چاہیے نہ ان حسینوں کو
آپ ڈھونڈھو پھرو لکھنو مین گلی گلی

۱۵۱

[illegible]

جب بگڑتے ہین قسمن نیکاوہ لیتے نہین نام
پھرون اپنا قدم یار پہ سر رہتا ہی

میلا باٹینگے موری مین کسی گل کے یہ کیا
غنچونکی مٹھیو نہین کس لیے زر رہتا ہی

مین وہ دیوانہ ہون جب فصل بہار آتی ہی
میرے ویرانے مین پریونکا گذر رہتا ہی

وصل کی شب بھی نہین چین ہے کٹنے باقی
ہر دم آزردگی یار کا ڈر رہتا ہی

دیکھنے والے سمجھتے ہین عبث تار نظر
میری آنکھونین ترا موے کمر رہتا ہی

غیر کے بس مین **قلق** کیون نہو وہ سیمبدن
قابو یار مین گنجینۂ زر رہتا ہی

شعلہ انگیز جو یہ سوز جگر رہتا ہی
خانۂ دلمین مجھے آگ کا ڈر رہتا ہی

اس لیے باز در چاک جگر رہتا ہی
دلمین اُنکا اسی رستے سے گذر رہتا ہی

برہمن بتکدہ مین شیخ حرم کعبے مین
جسکے جویان ہین وہ پاس آٹھ پہر رہتا ہی

سانپ کے کاٹے کی سی لہر اک آجاتی ہی
زہر گیسو کا بھی تا زیست اثر رہتا ہی

خاک کو بھی مرے صحرائے طلب مین پس مرگ
صورت ریگ رواں روز سفر رہتا ہی

وحشت عشق نے دی تیغ جو ادرے سے نجات
داغ دل آٹھ پہر سینہ سپر رہتا ہی

۱۵۷ [illegible]

[illegible]

شہید تیغ جفا کرکے مجکو فرمایا
ہمارا خون بہا کر نہ رایگان کیجیے
علاج ہو نہ سکے اُسکے درد مند کا
تو وہ جو جان نثار اکت کرے یہ جرم عشق

بہانہ ایک تو اک چاہیے قضا کے لیے
ہمیشہ ملئے گا بس ہاتھ اس حنا کے لیے
فلک سے اُترین مسیحا بھی گرد وا کے لیے
بھرا میں خوب دلکے رخسار سنگ پا کے لیے

قلق ہی آجکل ایسا رواج بیدردی
کہ درد ڈھونڈھے سے ملتا نہین دوا کے لیے

کسطرح سے شب فرقت کا یہ دم گھٹتا ہو
گھن لگا دیتا ہو یہ دگ بلائے بد ہو
پر پٹ بھرتے ہی نہین اہل ہوس کا دکھا
پر تو رخ کے تصور مین تمے او خورشید
اُس بت شوخ کو اللہ رے شوق زینت
جب کوئی ہاتھ بڑھاتا ہو کسی کے آگے
تیز رنگت و وتے خلمی ہوا ای غنچہ دہن

دیکھین یہ بوٹی ہر ہیلے کہ جگر پھٹتا ہو
عشق گیسو مین بہت جلد بشر لٹتا ہو
یہ گرا ھاوہ ہو جو پاٹے سے نہین پٹتا ہو
دل مرا مثل گریبان سحر پھٹتا ہو
آئنہ اب تو نہین سامنے سے ہٹتا ہو
فرط غیرت سے مرا سیر دن لہو گھٹتا ہو
باغ مین رشک سے رنگ گل تر کٹتا ہو

[illegible]

نمبر ۱۵۹

اہل کمال ہوگئے ہین بے فیض بھی بہت	دیکھو گل قمر مین نہ بو ہے نہ باس ہے

دعوی ہے اے رشک تجھے ارباب فہم سے
اُس سے گلا نہین جو سخن ناشناس ہے

فرط گنہ سے کچھ نہین دلکو ہراس ہے	ہمکو بہت بڑی تری رحمت کی آس ہے
شاید مجھے رقیب وہ ہم بغل کہین	پہلو مین دل کچھ آج ہمارا اداس ہے
معشوق سے ہنسی بھی نہین خالی از مذاق	یہ بھی تو ایک طرح کا صاحب مُلس ہے
رہتا ہے فصل گل مین بہت بےمزہ مزاج	توبہ نہین شراب کی نشے کو راس ہے
کرتا نثار اُس چمن آرا پہ یہ گر	کیا اور مشت زر کے سوا گل کے پاس ہے
جب بہر سیر اُبھارتے ہین ہم تو کہتے ہین	جی سُست ہے کمال طبیعت اُداس ہے
گو صاحب لحاظ ہے پر بزم غیر مین	میرا کرے وہ پاس بعید القیاس ہے
میکش یہ کہہ کے پیتے ہین دُر خیر مین	ساقی سلامتی کا یہ تیری گلاس ہے
پاجی یہ شان شریف کا ظاہر سے ہوتا ہے	دنیا مین پردہ پوش شریر کا لباس ہے
فرقت مین بھی گذرتی ہے اپنی تو ٹھاٹھ سے	اندوہ ہمنشین ہے مصاحب ہراس ہے

[illegible]

جھنجھلاتے ہمکو کرتے ہو سر سبز اپنی بات
آگے بتو تم ایسے کبھی ہٹ دھرم نہ تھے

کیونکر مین اپنے دلمین نہ دیتا انھین جگہ
قابل تو انکے رہنے کے دیر و حرم نہ تھے

اور ونکو تو شہید کیا تیغ ناز سے
کیا ہم سزا تھے سر تسلیم خم نہ تھے

اسطرح شمع بزم نے طی کی عدم کی راہ
